
ما شاء الله لا قوة الا بالله
بفضله تعالیٰ هذا الاوراد نافع لکافة الناس الموسوم
معادن الخیرات
خزائن البرکات
لمؤلفه و مصنفه الفقیر عظمت الله القادری عفی عنه
طبعت فی مطبع ... حیدرآباد دکن



اسناد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی
سید المرسلین وعلیٰ آلہٖ وازواجہٖ واصحابہٖ
المہتدین وبارک علیہم اجمعین ۰ اما بعد
حضرات شایقین اوراد وصاحبان حسن اعتقاد پر ظاہر
ہو کہ یہ فقیر بندۂ ربِّ قدیر عبدِ غوثِ بے نظیر خاکپائے
دستگیر عظمت اللہ القادری ہندوستانی ضلع اعظم
گڈھی موضع روپن پوری بن الٰہی بخش مرحوم عفی عنہ

طالبانِ اسرارِ کمالِ ایزدی و جویندگانِ روئے جمالِ مصطفوی کیلئے دعاؤں کا
ایک مجموعہ نہایت مرغوب جو ذریعہ حصولِ ہر مطلوب ہے ـ جدید طور پر بزبان عربی
سن تیرہ سو پچاس (۱۳۵۰ ہجری) میں تالیف و تصنیف کیا جس میں چند آیات
قرآنی کلماتِ اقدس ربانی اور ذخیرۂ ادعیہ ماثورہ رحمانی و کلماتِ مقدس سید
الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے جو صحیح حدیثوں میں مروی ہیں جمع نقل
کر کے مندرج کیا ـ اور دیگر ذخیرۂ ادعیۂ معظم و محترم مقبولہ کلامِ اکابر و اولیاء اعظام
برگزیدۂ ذوالجلال والاکرام منظورِ رسولِ مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی دستیاب کر کے
موقع محل کے ساتھ سات منازل میں تقسیم کیا جو بفضلہ تعالیٰ مجیب الدعوات مکرم
الصلوٰۃ والتسلیم جس کا نام مخزن الخیرات خزائن البرکات رکھا جس کے ہر منازل کے
فوائد و فضائل بے حد و بے شمار و بیرونِ از انحصار ہیں ـ کیونکہ ہر منازل میں بکثرت
مخصوص ادعیہ ہدایت الی الرحمٰن و حصولِ معرفت اقدس سبحانہ و لقاء حقیقت
ذوالجلال والاکرام مندرج کیا ـ اور اکثر ادعیہ نہایت عجز و انکساری کے ساتھ
توبہ و استغفار کا اعلان اور مفصل طور پر توحیدِ الٰہی و رسالت پناہی صلی اللہ
علیہ وسلم پر ایمان لانے کا بیان نہایت صراحت کے ساتھ اظہار کیا ـ اور کچھ فضائل
رسولِ انس و جان مالکِ کون و مکان صلی اللہ علیہ وسلم نہایت عظیم الشان بوسیلہ
رحمان علیحدہ علیحدہ بیان بارگاہ اقدس ربوبیت میں معہ توسل اسماء ربانی عرض کیا ہیں
جو منبع برکات مفاتح الحاجات حصولِ ہر مرادات کیلئے وسیلۂ اعظم و زینۂ مستحکم

پس بفضلہ تعالیٰ کتاب معدن الخیرات خزائن البرکات کے پڑھنے والے پر یکایک
بارانِ رحمت نزول ہوا اور اوس انوارِ رحمت کے پرتوے سے اوسکے دل کی سیاہی
دھلکر صاف اور منور ہوا اور واسطے اوسکے باعث سعادات کونین و موجب راحت
دارین حاصل ہوگئی کیا ہے از غیب سامان ہو۔ مگر طالبانِ مولیٰ آگاہ ہوئیں اس
بیان سے کہ حتی الامکان منہیات شرعیہ شرک وغیرہ سے محفوظ رہنا اور ہمیشہ
نیک عمل کرنا ضروری امر ہے کیونکہ حق سبحانہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے (فمن کان
یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملاً صالحاً ولا یشرک بعبادۃ ربہ احداً ۔) پس شرک ظاہری
غیر حق بت پرستی جو کچھ ہے عیان ہے مگر شرک باطنی جو ہے وہ اپنے اندر نہان ہے طالبانِ
اسرارِ حق کیلئے لازمی امر ہے کہ اپنے میں اپنے وجود کی خودی سے بالکل علیحدہ
ہو کر حق کی عبادت کرنا چاہئے کیونکہ اپنی خودی میں ساتھ نفس اپنے کے ملاک
وجود میں (میں میں ہوں) بعینہ شرک ہے۔ بلکہ خود کو یون سمجھے کہ میں
نہیں ہوں حق موجود ہے۔ یعنے۔ نیست از خود شعر کہ تا یابی نجات ؞ چون تو
برخیزی نشنید حق بجات ؞ پس اول و آخر ظاہر و باطن حق سمجھکر حق کی عبادت
کرنا چاہئے۔ اور اگر کچھ غفلتِ بشری سے بھول چوک اوس میں خطا صادر ہو جاوے
عمداً یا سہواً معصیت سے مرتکب ہو جاوی تو معاً حق سبحانہ تعالیٰ اعظم الرحمن
کثیر الغفران کی طرف رجوع ہوکر بخشش طلب کرنا چاہئے اور ہمیشہ ہمیشہ

نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ رحمن الدنیا والآخرۃ و رحیمہما کی عمیم رحمت،
و عظیم مغفرت سے بخشش کی امید رکھتا ہے - کیونکہ قال اللہ تعالیٰ والذین اذا
فعلوا فاحشۃ او ظلموا انفسہم ذکروا اللہ فاستغفروا لذنوبہم ومن یغفر الذنوب
الا اللہ وقال اللہ تعالیٰ قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ
یغفر الذنوب جمیعا انہ ہو الغفور الرحیم وقال اللہ تعالیٰ ادعوا ربکم تضرعا وخفیۃ وقال
اللہ تعالیٰ واذا سألک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان وقال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم من فتح لہ فی الدعاء منکم فتحت لہ ابواب الاجابۃ فتحت لہ ابواب الجنۃ فتحت لہ ابواب
الرحمۃ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یرد القضاء الا الدعاء یعنی فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نے تقدیر کو کوئی چیز نہیں پلٹ سکتی مگر دعا یعنی دعا کرنے سے تقدیر
پلٹ جاتی ہے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الدعاء ھو العبادۃ یعنی دعا کرنا بھی عبادت
ہے اور فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے الدعاء مخ العبادۃ یعنی دعا عبادت کا مغز ہے
اور فرمایا اللہ سبحانہ تعالیٰ نے ادعونی استجب لکم یعنی تم دعا کرو مجھ سے میں قبول کروں
دعا تمہاری پس ہر مرد زن اہل اسلام کو لازم ہے کہ اپنی اپنی زبان میں نہایت حسن
اعتقاد کے ساتھ بدرگاہ حق سبحانہ تعالیٰ اقدس و اعلیٰ رب الارباب کریم کارساز عالم
میں دعا مانگا کریں اور قبولیت کی امید رکھیں مگر زبان عربی میں دعا مانگنا زیادہ
تر فضیلت ہے اسی غرض سے ارشاد حضرت رسول الثقلین سید الکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی

زبان مبارک بھی عربی تھی اور قرآن مجید فرقان حمید بھی زبان عربی مین نازل ہوا
یاین وجہ زبان عربی کو اور زبانون سے زیادہ تر ترجیح اور فوقیت حاصل ہے اس فقیر نے
طلب حق مین طالبان مولی کیلئے بزبان عربی ذخیرۂ ادعیہ متبرکہ جو کچھ کتاب ہذا
مین مندرج ہین انسب دعاؤنکو حتی الامکان صحت کے ساتھ بعد از طبع
مکمل کتاب کے جملہ حضرات مردو زن کو تلاوت کرنیکے لئے عام طور پر اجازت دیا جو
حضرات اس کتاب کو پڑھنا چاہین باوضو شوق سے پڑھا کرین کہ اب یہان ساتون
منازل سے ہریک منازل پڑھنی کیلئے صاف صاف ترکیب و مختصر کیفیت و فضیلت
علیحدہ علیحدہ تحریر کیجاتی ہے

کیفیت و فضیلت پہلی منزل

جاننا چاہئے کہ پہلی منزل سب منازل مین نہایت افضل و اعلی منزل ہے اسلئے کہ
پہلی منزل مین از شروع تا آخر جملہ ادعیۂ متبرکہ حضرت المحضرات سید الکائنات
مفخر موجودات سردار کل ہادی سبل مالک جزو کل ختم رسل خاتم النبیین حبیب
رب العالمین مشہور فی الاولین والآخرین سید العوالم اجمعین صلی اللہ علیہ وسلم
سے ارشاد فرمودہ ادعیہ متبرکہ جو احادیث شریف مین وارد ہین یہانتک و نیز
کتاب حصن حصین و حزب الاعظم سے نقل کرکے مندرج کی گئی ہین بایں وجہ اسکو
منزل مین جملہ ادعیہ خاص الخاص افضل الدعوات منبع البرکات خزائن الرحمات
مفاتح الحاجات حصول ہر مرادات کیلئے وسیلۂ عظیم بارگاہ رب العرش العظیم ہین

پس جو جو حضرات پهلی منزل کو نهایت حسن اعتقاد کیساتھ با وضو بعد نماز صبح یکم تبه روزانه پڑھنا اختیار کرین پس اون حضرات کیلئے دنیا مین زیادہ تر انعام و اکرام و بعد ممات جنت مین مکان عظیم الشان پائین اور جو کوئی مذکورہ منزل کو ایک مرتبه صبح اور ایک مرتبه بعد نماز عشا کے دوام ورد کرنا اختیار کریے پس نازل هوتی رحمتین اوسپر الله بزرگ عظمت والے کی اور هو جاوی وہ شخص مراد پانے والون مین سے یعنی کشادہ کئے جائین اوسکے لئے دروازے رزق کے اور بفضله تعالی حاصل هوتی اوسکو بے حد خیر و برکات اگر وہ مقروض هے حاصل هو اوسکو شبکدوشی ادا ء قرض سے اور نجات پاوے وہ شخص اپنی رنج هو یا کوئی مشکلات سے یهانتک که رفته رفته حاصل هوتین تمام مرادین اوسکے دل کی اور بفضله تعالی وقت موت کے آسانی هوا وسکو عذاب سکرات سے اور نجات پاوے عذاب قبر و عذاب حشر سے اور حاصل هون اوسکو مقام جنت مین درجات اعلی سے

کیفیت و فضیلت دوسرے منزل

جاننا چاهئے که دوسری منزل تصنیف قبله عظمت الله القادری روپن پوری کی هی اس منزل کے فضائل و فوائد رسول خدا صلے الله علیه وسلم کے طفیل مین بے حد و بے عد هین جو شخص دوسری منزل از شروع تا آخر بعد نماز صبح اور بعد نماز عشا کے ابلاغ ایک مرتبه روزانه چالیس دن تک پڑھے پس خاطر خاتم النبیین شفیع المذنبین صلے الله علیه وسلم کے رحم فرمائے حق سبحانه تعالی اوسکے احوال زار پر اور بخشے جائین اوسکے گناهین تمام اول و آخر و ظاهر و باطن کے اور هدایت هوا وسکو طرف نیک راستے کے اور حاصل هون اوسکو خیر و برکات دارین مین اور راضی هون اوسے انبیاء و

مسلمان [illegible] دعا کو [illegible] اوسکے لئے اولیاء مقربین پس ترقی حاصل ہو اوسکے لیے
بلاؤن کو [illegible] دور [illegible] اوسکے مال واشغال مین اور بہفتہ رفتہ پائے وہ مرادین تمام اپنے
دل کی [illegible] تھے مین حق سبحانہ تعالی جل جلالہ وعم نوالہ کے فضل واحسان
و نجات [illegible] خوف [illegible] سے جنت مین بہترین ترمقام اعلی سے

وفضیلت تیسرے منزل

کتبفر

جاننا چاہیئے کہ تیسرے منزل بھی تصنیف عظمت اللہ القادری کی ہے اس منزل کے
فوائد بہت ہین مگر یہان اسی بیفقرہ قول اس پر کچھ لخت صاف ثابت کئے جاتے ہین یہ کہ جو
شخص تیسرے منزل کسی وقت شب مین متواتر تین چلہ چالیس چالیس روز کے
پڑھے بیس غسل [illegible] کو [illegible] نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رحم کریگا حق سبحانہ تعالی
اوس شخص کے حال پر اور بخشے اللہ تعالی اوسکے تمام گناہون کو اور رکھے جائین
در [illegible] اوسکے واسطے [illegible] اوسکے لئے اور حاصل ہو اوسکو زیادہ ترقی رزق مین
اور نجات پائے وہ شخص بنی قرضے کے بار سے اور حاصل ہون اوسکو بہت کچھ
خیر برکات دنیا و آخرت مین اور نجات پائے وہ شخص ظالمون حاکمون حاسدون کے
[illegible] سے اور [illegible] وہ شخص [illegible] کی نظر [illegible] اور [illegible] شفا حاصل ہو
اوسکو [illegible] سے بفضلہ تعالی قائم ہو وہ شخص راہ راست پر اگر طالب حق
حاصل ہو اوسکو عرفان حقیقت مین کچھ اسرار الٰہیہ یہانتک کہ بفضل حق
مقامات عالی نصیب ہو اوسکو اور داخل ہو وہ شخص جنت عظیم الشان درجات اعلی مین

کیفیت و فضیلت چوتھی منزل

جاننا چاہیئے کہ چوتھی منزل کے فوائد و فضائل بے انتہا ہین چوتھی منزل غیر متناہی از تصنیف صدر نشینِ منصبِ شریعتِ نبویہ رہبرانِ رہبرِ طریقتِ مصطفویہ شہبازِ معرفتِ میدانِ احمدیہ علیم اسرار ربّ الارباب جلالیہ شناورِ بحارِ حقیقتِ الٰہیہ رازدانِ پردۂ دقائقِ انابہ سرّ حدیثِ کنت کنزاً مخفیہ مکاشف الاسرار و الانوار العجائبیہ جو تفصیل عجیب رسالہ لائن وشفیقِ انیسِ مونسِ دردمندان و دستگیرِ مفلسان بیکسان و رہنمائی راہ گم کردگان محبوب سبحانی سیدنا ابو محمد عبد القادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہین پس چوتھی منزل طالبِ حق کے لئے نہایت عظیم الشان مستحکم وسیلہ الی الرحمن ہے جو شخص چوتھی منزل شب کو کسی وقت باوضو وقت مقررہ پر چند روز علی الدوام ورد کرے اور حتی الامکان مدام ادھر جانب غوث الاعظم عالی ہمم متوجہ دل رکھے ایسے شخص کیلئے شفیع ہوئین حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دربار الوہیت مین پس حضرت غوث الاعظم شیخ الکل ہادی سبل کے توسل سے بارگاہ ارحم الراحمین رحمان الدنیا والآخرۃ و رحیمہما ادعیہ اجابت سبحانہ تعالیٰ کریم اکبر ربّ الارباب کے الطاف سے وارد ہوئین الہامات اوسکے دل پر اور انکشاف کئے جائین انوار تجلیات اوسپر اور کھولے جائین ابواب اوسکے قلوب کے نکلنے شعاعین اسرار و حقیقت ذات وجود بین اور طلوع ہو افتاب حقیقت سپہر معرفت اوسکی نظرون مین اور وہی وقت حاصل ہو

اسکو علم من عرف نفسہ فقد عرف ربہ کا ویسا ہے وہ شخص مقبول حق منزلگان
خاص سے یہ سب خاصیت ہے چوتھی منزل کی بطفیل کلام سیدنا غوث الاعظم
رضی اللہ تعالی عنہ جو ہین مابین گروہ اولیاء سب سے زیادہ فوقیت پر نہایت بلند تر عظمت والے

کیفیت وفضیلت پانچوین منزل

جاننا چاہیے کہ پانچوین منزل کے فوائد وفضائل نہایت افضل واعلی لا تعد
ولا تحصے ہین اس منزل مین عجیب وغریب صلوات والتسلیمات والدعوات جو
دافع آفات وبلیات وحصول ہر حاجات کیلئے مخصوص ہین اور اس منزل مین دعائے
سیدنا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ مندرج ہے جو دافع تمام ہموم وغموم طاعون وغیرہ
کیلئے مجرب ہے اور جو شخص نہایت اعتقاد کے ساتھ پانچوین منزل بعد
نماز عشا کے پاک مقام پر تنہائی مین یکم تہ چند روز تک پڑھے پس حضور
پر نور سرور کائنات مفخر موجودات سید السادات جامع الکمالات امام
الشرفا وقبلۂ اہل صفا مؤید مہتدی ہادی مقتدی بدر الدجی شمس
الضحی احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے روئے مبارک کے جمال
انور سے مشرف ہو اور حاصل ہو اوسکو سعادت مندی دونو جہانکی
اور حاصل ہو اوسکو لقاء حق پس مرتبہ بلند اوسکا دنیا اور آخرت مین
حق سبحانہ تعالی کے فضل وکرم سے

کیفیت وفضیلت چھٹی منزل

جاننا چاہئے کہ چھٹی منزل نہایت برتر مقبول پیش داور ومنظور پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم ہے فوائد وفضائل اس منزل کے لاتعین ہین بیحساب وعدد تقریر
مین آید نہ در تحریر گنجد چھٹی منزل حصول دیدار عاشقان جمال احمدی ومشتاقان
گیسوئے روئے محمدی وجویندگان اسرار سرمدی وطالبان دیدار ایزدی کیلئے نہایت
عظیم الشان ذریعہ واسرار معرفت پر پہنچنے کیلئے مستحکم زینہ ہے جو شخص چھٹی منزل
بعد نماز عشاء کے یکمرتبہ پڑھا کریے بفضلہ تعالی اوسکو جمال مبارک رسول الثقلین سید
الکونین صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو اور دیدار شیخ الثقلین غوث الکونین رضی اللہ
تعالی عنہ حاصل ہو اور بفضلہ تعالی وہ شخص طفیل غوث الاعظم معلی القاب رضی
اللہ تعالی عنہ کے جملہ مطالب دارین وسعادات کونین سے واصل ہو

کیفیت وفضیلت ساتوین منزل

جاننا چاہئے کہ ساتوین منزل کے فوائد وفضائل بسیار وبیحد وبیشمار ہین ساتوین منزل
حصول ہر مرادات مقاصد الحاجات کیلئے وسیلۂ عظیم بارگاہ رب العرش العظیم ہے اس
منزل مین عجیب وغریب ادعیہ برکات والصلوۃ والسلام مندرج ہین پس ساتوین منزل
پڑھنے سے آنکھون مین نور دل مین سرور پیدا ہوا اور دونو جہان مین حصول مرادات وفیوض
برکات حاصل ہون جو حضرات اس منزل پڑھنا چاہین پڑھا کرین پس جملہ مرد وزن
اہل اسلام کو ہدیہ عظمت اللہ القادری کی جانب سے ادعیہ معادن الخیرات خزائن البرکات

پڑھنے کیلئے جسکو جیسی سہولت ہے چاہیں پڑھا کریں جو چاہے ایک منزل روزانہ پڑھیں یا چار یا سات
منازل ایک روز میں ختم کریں ہر طریقہ سے یہ کتاب پڑھنے کیلئے عام طور پر اجازت ہے سب کو
وباللہ التوفیق مگر ہر مرد و زن آگاہ ہوں اس بات سے کہ ہر حصول مرادات و فیوض برکات
کیلئے صحیح نیت اتباع سنت محمدیہ صحیح عقیدہ حتی الامکان احکام شرع شریف کی پابندی لازمی امر ہے
یعنی حلال حرام کا پورا سے پورا لحاظ کریں بعدہ ان نیک عمل کے ساتھ اوراد وظائف پڑھنا چاہیئے
سب سے بڑی بات یہ ہے ... اہل اسلام کو نیک عمل کرنے کیلئے توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین

سنہ ۱۳۵۰ ہجری

غلط نامہ و صحت نامہ مرجان الخیرات خزائن البرکات

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۴	۸	مَسَامِعَ	مَسَامِعَ قَلْبِیْ
〃	۱۳	۹	اَلْکُرُوْبِ	اَلْکُرَبِ
〃	۱۸	۹	اَلْعِبَادَۃَ	اَلْعِبَادَ
〃	۲۴	۲	وَسَعِیْ	وَسْعِیْ

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
〃	٢٦	٢	اَلْهُدٰ	اَلْهُدٰى
	٢٦	٧	وَنَقَبَّلُ	وَتَقَبَّلْ مِنَّا
	٢٨	٩	قُرَّةً	قُوَّةً
	٣١	١	وَجْعَلِ	وَاجْعَلِ
٢	٣٥	٥	يكشنبه	دوشنبه
٣	٥٨	٧	ابْوَاَبْ	اَبْوَابِ
٤	٧٠	١	سه شنبه	چهارشنبه
〃	٧١	١	بَعُدَ	بَعْدَ
〃	٧٢	٣	شُهُوُدِ	شُهُوْدِ
〃	٧٣	٥	اَحَبَّ	اَحَبَّ
〃	٧٨	٣	اَنْكِتَهٗ	مَلٰئِكَتَهٗ
〃	٧٩	٢	وَسِعَتْ	وَسِعَتْ
〃	٨٠	٦	وَلِيَّ	وَلِيِّيَ

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵	۹۴	۵	بِعِزَّةِ	بِزِنَةِ
	۹۴	۹	سِتْرِكَ	سَتْرِكَ
	۹۸	۳	لُغُوْرُ	لُغُوْرُهُ
۶	۱۰۷	۸	عَيْنَةٌ	عَيُوْنَةٌ
″	″	″	وَاُجْزِهِ	وَاجْزِهِ
″	″	۹	الْاَنْبِيَاءِ	الْاُنْبِيَاءِ
″	۱۱۱	۶	لُطْفَكَ	لُطْفُكَ
″	۱۱۳	۷	فَارِجَ	فَارِجَ
″	۱۱۶	۵	مَوْلَ	مَوْلَى
″	۱۲۱	۵	الْعَرَبِيَّةِ	الْغَرِيْبَةِ
″	۱۲۳	۹	الْكَرَمَاتِ	الْكَرَامَاتِ
″	۱۲۷	۶	الْاُفَاضِلِيْنَ	الْاَفَاضِلِيْنَ

غلطنامہ و صحتنامہ کتاب معادن الخیرات خزائن البرکات

(۱۰۳) مگر صفحہ ایکسو تین تیسری سطر مین اگر مُحَمَّدٌ پڑہے تو ہر لفظ مین پیش پڑہے اگر مُحَمَّدٍ پڑہے تو ہر لفظ مین زیر پڑہنا ہے تا آخر مُنِیرِ الَّذِی صفحہ ایک سو چار چوتہی سطر

(۱۸۱) صفحہ ایکسو اکیاسی مین یہہ قصیدۂ مبارک خاص الخاص ولی بر حق نور مطلق حضرت شاہ ابو المعالی لاہوری قدس سرہ کی تصنیف سے ہے کتاب تحفۂ قادریہ مین مرقوم ہے (۱۸۱) صفحہ اکیاسی مین چاول کی ترکیب یعنی اول چاول دہو کر سکہا کر دم کرے بعد ازان پکا کر بغیر پیچ شتہار ہے ہوئے بچے کی مان کو کہلا دیے


(۱۸۴) صفحہ ایکسو چوراسی مین یہہ قصیدۂ حمیدہ (ز بسم اللہ کنم آغاز مدح شاہ جیلانی) تصنیف حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی

رحمۃ اللہ علیہ ہے جو کتاب مخزن تحقیق المعروف تحفہ حنفیہ
میں مندرج ہے
(۱۸۹) صفحہ ایکسو نواسی میں قصیدۂ مجیدہ - قبلہ اہل صفا حضرت
غوث الثقلین ہے جو کتاب درر الدارین وانہار المفاخر وجذبات
حبیبیہ وغیرہ میں مندرج ہے غلطی سے صفحہ چوراسی کے
حاشیہ پر کتاب کا حوالہ لکھا گیا ہے

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۱	۲	براضاء	براضآء
"	"	۴	قَآئِلَهٗ	قَآئِلُهٗ
"	۳	۳	بِكَ	رَبِّكَ
"	۴	۱	قَتَرَفْتَ	وَاقْتَرَفْتُ
"	۱۰	۱	اَلْتَ	اَنْتَ
"	۵	۲	يَصْرِفْ	يَنْصَرِفْ

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١	٦	٣	تَكِلْنِىْ ضُعْفٍ	تَكِلْنِىْ اِلٰى ضَعْفٍ
″	١٢	٤	دُعَاءٍ	دُعَآءٍ
″	١٦	٥	رَحْمَتَكَ	رَحْمَتِكَ
″	١٧	٩	رُسُلَكَ	رُسُلِكَ
″	١٨	٤	مِنَ الْمَاْثَمِ	مِنَ الْمَاْثَمِ
″	٢٠	٤	فَاَخْلُفْ	وَاَخْلُفْ
″	٢١	٢	ورزقًا واسعًا	وَرِزْقًا وَاسِعًا
٥	٥٧	٤	بِحَقِّ	وَبِحَقِّ
٦	٩٨	٩	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ اے اللہ گردان بہترین بزرگ رحمت تیری تا	
″	١٠١	٥	مُحَمَّدٍ	مُحَمَّدٍ

منزل	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۱۰۳	۳		مُحَمَّدٍ
〃	۱۱۵	۴	بَرَکَاتِکَ	اَلْبَرَکَاتِ
〃	۱۱۸	۵	اَزْمِنَۃُ	اَزْمِنَۃِ
〃	〃	۶	مَحْبُوْبِکَ	مَحْبُوْبُکَ
〃	〃	۷	اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِالْقَادِرِ	اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُالْقَادِرِ
〃	۱۲۰	۵	صَاحِبُ	صَاحِبِ
〃	۱۳۱	۷	غَوْث	غَوْثِ
۰	۱۶۱	۱	شَرِبْتُمْ فُضْلَتِیْ	شَرِبْتُمْ فَضْلَتِیْ
	۲۰۵	۶	صَادِق	صَادِقَ
	〃	۷	مَذْہِبَ	مُذْہِبٌ
۰	۱۸۰	۷	اَلْعَمَلِ	اَلْعَمَلُ


قال اللہ تعالیٰ ادعونی استجب لکم
بفضلہ تعالیٰ ہذہ الدعوات مفاتح المراد لافادۃ الناس المومنین
معادن الخیرات
مترجم
خزائن البرکات
مؤلفہ و مصنفہ الفقیر عظمت اللہ القادری عفی عنہ
طبعت فی مطبع اسمٰعیل الواقع عظیم پریس اندرون چارکمان حیدرآباد دکن



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ
وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

هٰذِهٖ مُنْتَخَبُ الْاَدْعِيَةِ الْمَأْثُوْرَةِ الْمُعَظَّمَةِ الْمُكَرَّمَةِ مِنْ
كَلَامِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

منزل اول — اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ فِيْ يَوْمِ الْاَحَدِ — بروز یکشنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان ہے نہایت رحم والا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ
پاک ہے اللہ اور سب تعریف ہے اوسی کیلیے پاک ہے اللہ بڑی بزرگی ہے اوسی کیلیے پاک ہے اللہ سب تعریف اوسی کیلیے

عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ
بشمار اوسکی مخلوقات کے اور بہ رضامندی اسکی ذات کے اور بوزن اوسکے عرش کے اور بتعداد اوسکے کلمات کے

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهٖ سُبْحَانَ
پاک ہے اللہ کے لیے بشمار اوسکی مخلوق کے پاکی ہے اللہ کے لیے بخوشنودی اسکی ذات کے پاکی ہے

اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
اللہ کیلیے بوزن اسکے عرش کے پاکی ہے اللہ کیلیے بہ تعداد اسکے کلمات کے اور حمد ہے اللہ کیلیے

كَذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا مَّعَ دَوَامِكَ وَ

مثل اُس کے اے اللہ تیرے لئے سب تعریف ہے ایسی تعریف جو ہمیشہ ہے تیرے ہمیشگی کے ساتھ اور

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

تیرے لئے سب تعریف ہے ہمیشہ رہنے والی تیری ہمیشگی کے ساتھ۔ اور تیرے لئے سب تعریف ایسی تعریف

لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا

جس کی انتہا نہیں تیری مگر تیرے ارادہ کے اور تیرے لئے سب تعریف ہے ایسی تعریف جو ہمیشہ سے ہے

لَا يُرِيْدُ قَائِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ

جسکو نہیں کہہ سکتا ہے کوئی شخص مگر تیری خوشنودی سے اور تیرے لئے سب تعریف ہے ایسی تعریف جو ہر ایک

طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ

پلک مارنے اور ہر سانس لینے کے وقت　اے اللہ تیرے لئے سب تعریف ہے تو ہے

قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ

قایم کرنیوالا آسمانوں اور زمینوں کا اور جو کچھ ہے انہوں میں اور سب تعریف ہے تیرے لئے تو مالک ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ

آسمانوں اور زمینوں کا اور جو کچھ ہے بیچ انہوں کے اور سب تعریف ہے تیرے لئے تو نور ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ

آسمانوں زمینوں کا اور جو کچھ ہے بیچ انہوں کے اور تیرے لئے ہے سب تعریف تو حق ہے

وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ

اور وعدہ تیرا سچا ہے اور دیدار تیرا حق ہے اور قول تیرا حق ہے اور جنت حق ہے

وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ

اور دوزخ سچ ہے اور انبیا رسب حق ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں اور قیامت حق ہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ

اے اللہ میں تیرا فرمانبردار ہوا اور میں تجھ پر ایمان لایا اور تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور

اِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ اَنْتَ رَبُّنَا

تیرے ہی طرف رجوع ہوا اور ساتھ تیری مدد کے جھگڑتا ہوں اور تجھ ہی کو حاکم جانا تو ہمارا رب ہے

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا

اور تیرے ہی طرف ہے پھرنا پس تو بخش دے میرے اگلے اور پچھلے گناہوں کو اور جو

اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ

پوشیدہ اور ظاہر کیا میں نے اور جو کچھ تو جانتا ہے گناہ میرے متعلق تو اول ہے اور

وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ اَنْتَ اِلٰهِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

تو آخر ہے تو میرا معبود ہے نہیں کوئی معبود سوا تیرے اے زندہ اے قائم رہنے والے

بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ

ساتھ تیری رحمت کے فریاد کرتا ہوں نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے پاک ہے تو بیشک میں

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا

ہوں گناہ گاروں سے۔ اے اللہ بیشک ظلم کیا میں نے اپنی جان پر ظلم بہت سا

وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ

نہیں ہے کوئی بخشنے والا گناہوں کا سوا تیرے پس بخش دے تو مجھ کو اپنے طرف سے

وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ

اور رحم کر مجھ پر بیشک تو بخشنے والا نہایت مہرباں ہے اے اللہ میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں

لِذَنْبِيْ وَاَسْتَهْدِيْكَ لِمَرَاشِدِ اَمْرِيْ وَاَسْتَجِيْرُكَ مِنْ شَرِّ

اپنے گناہوں کی اور ہدایت چاہتا ہوں تجھ سے اچھے کاموں میں کامیابی کی اور بچا تو مجھکو نفس کے

نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ اَللّٰهُمَّ

شر سے اور توبہ کرتا ہوں تیرے طرف پس تو میری توبہ قبول کر تحقیق تو میرا رب ہے اے اللہ

اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی

تو ہی میرا رب ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے تو نے مجھ کو پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اوپر

عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ

تیرے عہد اور وعدہ پر بقدر اپنی قوت کے ہوں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنے کئے کی برائی سے

اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ

میں تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو کچھ تو مجھ پر احسان کیا اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں پس تو بخش دے مجھکو اسلئے کہ

الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ

نہیں کوئی بخشنے والا گناہوں کا سوا تیرے اے اللہ تو مالک ہے نہیں کوئی معبود سوا تیرے تو ہے

رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ

رب میرا اور میں تیرا بندہ ہوں ظلم کیا میں نے اپنی جان پر اور اقرار کرتا ہوں اپنی گناہ کا پس بخشدے میرے لئے

ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ

میری تمام گناہیں نہیں کوئی معاف کرنیوالا گناہوں کا مگر تو۔ اور ہدایت کر مجھ کو نیک

الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ

اخلاق کی طرف نہیں ہدایت کر سکتا کوئی مگر تو۔ اور تو دور کر دے مجھ سے

سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ

برائیاں نہیں دور کر سکتا ہے کوئی برائیوں کو مگر تو۔ حاضر ہوں

وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَ

تمام بھلائیاں تیری ہاتھ میں ہیں اور برائیاں نہیں ہیں تجھ سے میں تیرے سے طرف ہوں اور

إِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

تیرے لیے ہوں تو برکت والا اور بلند ہے تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں تیری طرف

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

اے اللہ آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے غائب و حاضر کا جاننے والے

ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ إِنِّيْ أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ

نہایت بزرگ تر کرم کرنے والے میں اس دنیا کی زندگی میں عہد کرتا ہوں

الدُّنْيَا وَأُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا إِنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لَّا

اور تجھ کو گواہ کرتا ہوں اور تو میری گواہی کیلئے کافی ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں

إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ

کوئی معبود مگر تو ایک ہے۔ نہیں کوئی تیرا شریک تیرے ہی لئے ملک ہے اور تیرے ہی لئے

الْحَمْدُ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا

تعریف ہے اور تو تمام چیزوں پر قادر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ وَأَشْهَدُ أَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ

تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا ہے اور تیرا دیدار

حَقٌّ وَالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي

حق ہے اور قیامت آنیوالی ہے جس میں کوئی شک نہیں اور یہ کہ تو اٹھائیگا ان لوگوں کو جو

الْقُبُورِ وَأَنَّكَ إِنْ تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي تَكِلْنِي إِلَى ضَعْفٍ وَعَوْرَةٍ

قبروں میں ہیں اور تحقیق تو مجھ کو جو میرے نفس کے سپرد کریگا تو مجھکو تو سپرد کریگا ناتوانی و ننگ حالت

وَذَنْبٍ وَخَطِيئَةٍ وَإِنِّي لَا أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْ لِي

اور گناہ و خطا کے حوالہ کریگا اور مجھکو بجز تیری رحمت کے اور کسی پر بھروسہ نہیں پس تو میرے تمام

ذُنُوبِي كُلَّهَا إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ

گناہوں کو بخشدے بیشک نہیں بخشنے والا گناہوں کا کوئی سوا تیرے اور میری توبہ قبول کر

إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي

بیشک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اے اللہ بخش مجھکو اور مجھ پر رحم کر

وَعَافِنِي وَاهْدِنِي وَارْزُقْنِي وَاجْبُرْنِي وَارْفَعْنِي إِلَى لِمَا

اور عافیت دے مجھ کو اور ہدایت کر مجھ کو اور رزق دے مجھ کو اور میری خرابی کی درستی کر اور میرا مرتبہ بلند کر

أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

بسبب اس چیز کے جو نازل کی تو نے میرے لیے اس کا میں محتاج ہوں اے اللہ کھول ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے

وَسَهِّلْ لَنَا أَبْوَابَ رِزْقِكَ اللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِي

اور آسان فرما ہم پر رزق کا دروازہ اے اللہ میرے کانوں کو اپنے ذکر کیلئے کھولدے اور مجھکو

طَاعَتِكَ وَطَاعَةِ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ

نصیب کر تو مجھے فرمانبرداری اور اطاعت گزاری تیرے رسول کی اور عمل کرنا تیری کتاب پر اے اللہ پیدا کرنے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ

آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے اور جاننے والے غیب حالتوں اور دیکھنے والے اے رب ہر ایک کے

وَّمَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ

اور مالک کل کے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے تو ایک ہے نہیں کوئی شریک تیرا

لَكَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ

پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنے نفس کی برائی سے اور شیطان کے شر سے اور اس کے شرک سے

وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَللّٰهُمَّ

اور یہ کہ کماؤں میں اپنی جان کیلئے کوئی برائی یا اسکو کسی مسلمان کے طرف منسوب کروں

اِنِّيْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ

اے اللہ میں صبح کی تجھ کو گواہ کرتا ہوں تیرے حاملان عرش کو تیرے فرشتوں کو

وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ

اور تیری تمام مخلوقات کو یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے

وَرَسُوْلُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ ... فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور تیرے رسول ہیں اے اللہ سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ عافیت دے تو مجھ کو دنیا اور آخرت میں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں سلامتی و عافیت ... [illegible] ... کی اور اپنے گھر بار [illegible]

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَلِقَاءَكَ

تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا ہے اور تیرا دیدار

حَقٌّ وَالسَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي

حق ہے اور قیامت آنیوالی ہے جس میں کوئی شک نہیں اور یہ کہ تو اٹھائیگا ان لوگوں کو جو

الْقُبُوْرِ وَاَنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ اِلٰى ضَعْفٍ وَّعَوْرَةٍ

قبروں میں ہیں اور تحقیق تو مجھ کو جو میرے نفس کے حوالہ کریگا تو مجھکو تو حوالہ کریگا ناتوانی تنگ حالت

وَّذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ وَّاِنِّيْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْ لِيْ

اور گناہ و خطا کے حوالہ کریگا اور مجھکو بجز تیری رحمت کے اور کسی پر بھروسہ نہیں پس تو میرے تمام

ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ

گناہوں کو بخشدے بیشک نہیں بخشنیوالا گناہوں کا کوئی سوا تیرے اور میری توبہ قبول کر

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ

بیشک تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے اے اللہ بخش مجھکو اور مجھ پر رحم کر

وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ اِنِّيْ لِمَا

اور عافیت دے مجھ کو اور ہدایت کر مجھکو اور رزق دے مجھ کو اور میری خرابی کی درستی کر اور میرا مرتبہ بلند کر

اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

بیشک جو نازل کیا تو نے خیر میرے لیے اسکا میں محتاج ہوں اے اللہ کھول ہم پر اپنی رحمت کے دروازے

وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ لِذِكْرِكَ وَارْزُقْنِيْ

اور آسان فرما ہم پر رزق کا دروازہ اے اللہ میرے کانوں کو اپنے ذکر کیلئے کھولدے اور مجھکو

طَاعَتَكَ

طَاعَتِكَ وَطَاعَةِ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ

نصیب کر تیری فرمانبرداری اور اطاعت گذاری تیرے رسول کی، اور عمل کرنا تیری کتاب پر اے اللہ پیدا کرنے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ

آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے اور جاننے والے غیب حالتوں اور دیکھنے والے اے رب ہر ایک شے کے

وَّمَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ

اور مالک کل کے گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے تو ایک ہے نہیں کوئی شریک تیرا

لَكَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ

پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اپنے نفس کی برائی سے اور شیطان کے شر سے اور اسکے شرک سے

وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَللّٰهُمَّ

اور یہ کہ کماؤں میں اپنی جان کیلئے کوئی برائی یا اسکو کسی مسلمان کے طرف منسوب کروں

اِنِّيْٓ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ

اے اللہ میں صبح کی تجھکو گواہ کرتا ہوں تیرے حاملان عرش کو تیرے فرشتوں کو

وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ

اور تیری تمام مخلوقات کو یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے

وَرَسُوْلُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ [illegible] افِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور تیرے رسول ہیں اے اللہ [illegible] کرتا ہوں تجھ سے کہ عافیت دے تو مجھ کو دنیا و آخرت میں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَا [illegible] فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں سلامتی و عافیت [illegible] ی اور اپنے گھر والوں میں

وَمَالِي اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَاٰمِنْ رَوْعَتِي اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي
اور اپنے مال میں اے اللہ چھپا میری شرمگاہوں کو اور امن دے مجھکو خوف سے اے اللہ حفاظت کر
مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِيْنِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ
میری میرے سامنے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے بائیں سے اور
فَوْقِي وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا
میرے اوپر سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے یہ کہ میں اٹھا لیا جاؤں اپنے تحت سے ہم راضی ہوا اللہ
وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا وَّنَبِيًّا
کی ربوبیت پر اور دین اسلام پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول و نبی ہونے پر
اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِي مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ
اے اللہ جو نعمت مجھکو دیا یا مخلوق میں سے کسی کو دیا وہ تیری جانب سے ہے
وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ
نہیں ہے کوئی تیرا شریک پس تیرے ہی لئے تمام تعریف ہے اور تیرے ہی لئے شکر ہے
اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي اَللّٰهُمَّ
اے اللہ عافیت دے مجھکو میرے بدن میں اے اللہ عافیت دے مجھکو میرے کان میں اے اللہ
عَافِنِي فِي بَصَرِي لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ثَلٰثَ مَرَّاتٍ) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ
عافیت دے مجھکو میری آنکھ میں نہیں ہے کوئی معبود مگر تو　　اے اللہ
اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ وَاَرْاَفُ
زیادہ حقدار ہے یہ کہ ذکر کیا جائے اور زیادہ مقدار کی عبادت کیجائے اور زیادہ مدد دینے والا جس سے مدد چاہی جائے اور زیادہ

مَنْ مَلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى اَللّٰهُمَّ

تمام مالکوں سے اور زیادہ سخی ہے جن سے سوال کیا جائے اور زیادہ وسعت والا ہے اوس سبھوں سے جو دینے والے ہیں

اَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ كُلُّ شَيْءٍ

تو مالک ہے تیرا کوئی شریک نہیں تو فرد و اکیلا ہے تیرا کوئی مثل و شریک نہیں تمام چیزیں

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى

ہلاک ہونیوالی ہیں مگر سوا تیری ذات کے نہیں تیری اطاعت کی جاتی ہے مگر تیری حکم سے اور نہیں کوئی نافرمانی

اِلَّا بِعِلْمِكَ تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِيْدٍ

کیجاتی مگر تو جانتا ہے تیری اطاعت کیجاتی ہے تو تو ثواب دیتا ہے اور نافرمانی ہوتی ہے تو معاف فرماتا ہے تو تمام حاضر رہنے والوں سے قریب تر

وَاَدْنٰى حَفِيْظٍ حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِيْ

اور محافظوں میں زیادہ قریب ہے تو ہی نفوس کو روکنے والا ہے تیرے قبضہ میں پیشانیاں ہیں

وَكَتَبْتَ الْاٰثَارَ وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ اَلْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ

تونے قدم کے نشانوں کو لکھا اور تونے زندگی کی مدت مقرر کی دلوں ہی میں تیری گنجایش ہے

وَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ وَالْحَرَامُ

اور راز تیرے نزدیک ظاہر ہیں حلال وہ ہے جسکو تونے حلال کیا اور حرام وہ ہے

مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْاَمْرُ مَا قَضَيْتَ وَالْخَلْقُ

جسکو تونے حرام کیا اور دین وہ ہے جسکو تونے جاری کیا اور امر وہ ہے جسکا تونے حکم دیا اور تمام خلق

خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ

تیری مخلوق ہے اور بندے تیرے بندے ہیں اور تو ہی اللہ مہربان و رحیم ہے

اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے نورِ کرم کے طفیل جس سے آسمان و زمین روشن ہیں اور

الْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّائِلِیْنَ عَلَیْكَ اَنْ

تمام حق کے طفیل میں جو تیرے لئے ہیں اور تمام سائلوں کے طفیل میں جو تجھ سے سوال کرتے ہیں یہ کہ

تُقِیْلَنِیْ فِیْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ اَوْ فِیْ هٰذِهِ الْعَشِیَّةِ وَاَنْ

تو معاف فرما دے اس صبح میں یا اس شام میں اور یہ کہ مجھے

تُجِیْرَنِیْ مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ

محفوظ رکھ عذاب دوزخ سے اپنی قدرت کے طفیل میں اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ

رنج و غم سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے ناتوانی اور سستی سے اور

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ

میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بزدلی و بخل سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے قرض کے غلبہ سے

الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ وَ

اور لوگوں کے ظلم سے اے اللہ میں حاضر ہوں۔ حاضر ہوں

سَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ وَمِنْكَ وَاِلَیْكَ اَللّٰهُمَّ مَا

اور حاضر ہوں اور تمام خیر تیرے ہی ہاتھوں میں ہیں اور تجھ ہی سے ہیں اور تیری ہی طرف جائینگے اے اللہ

قُلْتُ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ

جو میں کہتا ہوں یا جو میں قسم کھاتا ہوں یا جو میں نذر مانتا ہوں

فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مَا شِئْتَ كَانَ وَمَا لَمْ
تیری مشیت اس کے متعلق اس سے قبل ہو چکی ہے جو تو چاہتا ہے وہ ہوتا ہے اور جو نہیں چاہتا
تَشَأْ لَا يَكُوْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
وہ نہیں ہوتا نہیں ہے کوئی قدرت وطاقت مگر تیری مدد سے بلاشبہ تو تمام چیزوں پر
شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتَ مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى مَنْ صَلَّيْتَ
قادر ہے ۔ اے اللہ میں رحمت بھیجتا ہوں اس پر جس پر تو نے رحمت بھیجی
وَمَا لَعَنْتَ مِنْ لَعْنٍ فَعَلٰى مَنْ لَعَنْتَ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا
اور میں لعنت بھیجتا ہوں اس پر جس پر تو نے لعنت بھیجی تو میرا ولی و مالک ہے دنیا و
وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
آخرت میں تو میرا خاتمہ اسلام پر کیجیو اور مجھکو نیکوں کے ساتھ شریک کیجیو اے اللہ میں
اَسْئَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ
سوال کرتا ہوں تجھ سے خوشنودی کا حکم کے بعد اور بہترین عیش کا موت کے بعد
وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقًا اِلٰى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ
اور تیرے دیدار کے دیکھنے کی لذت کا اور شوق تیری ملاقات کا بغیر کسی ضرر ونقصان کے
ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ
اور بغیر کسی گمراہ کن فتنہ کے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے یہ کہ میں ظلم کروں
اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِيَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَيَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً
یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں زیادتی کروں یا مجھ پر زیادتی کیجائے یا میں کوئی ایسا گناہ و خطا کروں

أَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا

جسکو تو نہ بخشے ۔ اے اللہ اے کبیر اے سننے والا اے دیکھنے والا اے وہ جسکا کوئی

شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ

شریک نہیں اور اے وہ جسکا کوئی وزیر نہیں اے سورج و چاند کے پیدا کرنے والے

وَيَا عِصْمَةَ الْبَائِسِ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ الطِّفْلِ

اور اے خوف زدہ و پناہ چاہنے والوں کو پناہ دینے والے اور اے شیر خوار بچہ کو رزق دینے والے

الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ أَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْبَائِسِ

اے ٹوٹی ہڈی کے جوڑنے والے میں دعا کرتا ہوں تجھ سے مثل دعا خوف زدہ و

الْفَقِيْرِ كَدُعَاءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ أَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ

محتاج کے مثل دعا پریشان اندھے کے ، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْأَسْمَاءِ

تیرے عرش کی عزت کے طفیل میں اور تیری کتاب کی رحمت کی کنجیوں کے طفیل میں اور تیرے ان آٹھ اسما

الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ

کے طفیل میں جو سورج کی شعاعوں پر لکھے ہیں یہ کہ تو کر دے قرآن کو

رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَاءَ حُزْنِيْ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

میرے دل کی ٹھنڈک اور میرے غم کا دھونے والا اے میرے پروردگار دیجیو مجھکو دنیا میں نیکی اور

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ

آخرت میں نیکی اور بچائیو مجھکو دوزخ کے عذاب سے اے ہر تنہا کے غمخوار ۔

يَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَّيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَا شَاهِدًا غَيْرَ

اے ہر اکیلے کے ساتھی اے قریب جو دور نہیں اے حاضر جو غائب نہیں

غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ

اے غالب جو مغلوب نہیں، اے زندہ اے قائم اے صاحب بزرگی اور

الْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ

بخشش والے اے آسمانوں و زمین کے نور اے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَ

کے زینت دینے والے اے آسمانوں اور زمین کو قبضۂ قدرت میں رکھنے والے اے آسمانوں اور

الْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَ

زمین کے ستون اے آسمان و زمین کے پیدا کرنے والے اے آسمانوں و زمین کے

الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ

قائم رکھنے والے، اے بزرگی و بخشش والے اے فریاد کرنے والوں کی فریاد کو پہنچنے والے

وَمُنْتَهَى الْعَائِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَالْمُرَوِّحَ

اے پناہ مانگنے والوں کے انتہا اے غمزدوں کے غم دور کرنے والے اے پریشانوں

عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَيَا كَاشِفَ

کو آرام دینے والے اے مضطر لوگوں کی دعاؤں کو قبول کرنے والے اے

الْكُرُوْبِ يَا اِلٰهَ الْعٰلَمِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ

مصیبتوں کو دور کرنے والے اے معبود سارے عالم کے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے تمہارا ہی

كُلِّ حَاجَةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ

کے مرجع ہے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابراہیم خلیل اللہ کے

خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَ

اور موسیٰ کلیم اللہ کے اور عیسیٰ روح اللہ کے اور تیرے کلمات کے اور

بِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ

کلام موسیٰ اور انجیل عیسیٰ اور زبور داؤد اور قرآن

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ اَوْ قَضَاءٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں اور تمام وحیوں کے جنکو تو نے بھیجا یا تمام احکاموں

قَضَيْتَهٗ اَوْ سَائِلٍ اَعْطَيْتَهٗ اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ

کے جنکا تو نے حکم دیا یا مانگنے والوں کے جنکو تو نے دیا یا فقیر کے جنکو تو نے مالدار بنایا یا مالداروں کے

اَفْقَرْتَهٗ اَوْ ضَالٍّ هَدَيْتَهٗ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْٓ

جنکو تو نے محتاج کیا گمراہوں کے طفیل میں جنکو تو نے ہدایت دی میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اس نام کے

اَنْزَلْتَهٗ عَلٰى مُوْسٰى وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ وَضَعْتَهٗ

جسکو تو نے موسیٰ پر نازل کیا اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اس نام کے جسکو تو نے رکھا

عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَ

زمین پر تو وہ ٹھہر گئی اور آسمانوں پر رکھا کہ وہ قائم ہو گئے اور

عَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِىْ اسْتَقَرَّ

پہاڑوں پر رکھا کہ وہ جم گئے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس نام کے طفیل میں جو بسبب ٹھہرا

بِهٖ عَرْشَكَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ

تیرا عرش اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے پاک و صاف نام کے طفیل میں جسکو تو نے

فِيْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى

اپنی کتاب میں اپنے پاس سے نازل فرمایا اور تیرے اس نام کے طفیل میں جسکو تو نے دن پر رکھا تو

النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَ

وہ روشن ہو گیا اور رات پر رکھا تو وہ تاریک ہو گئی اور تیری عظمت اور

كِبْرِيَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِي الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ

تیری بزرگی کے طفیل میں اور تیرے روئے مبارک کے نور کے طفیل میں کہ تو مجھکو عطا فرما قرآن عظیم

وَتَخْلِطَهٗ بِلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ

اور تو اسکو ملا جلا کر دے میرے گوشت و خون و کان و آنکھ میں اور مشغول فرما دے اوسکے ساتھ

جَسَدِيْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

میرے جسم کو اپنی قدرت و طاقت سے اور نہیں ہے کوئی قدرت و طاقت لیکن تیری مدد سے

بِسْمِ اللّٰهِ ذِي الشَّانِ عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ السُّلْطَانِ

شروع کرتا ہوں میں نام اللہ کے ساتھ جو بڑی شان والا بڑی دلیل والا اور بڑی سلطنت والا ہے

مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ اَللّٰهُمَّ

جو اللہ نے چاہا ہوا۔ میں پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔ اے اللہ

بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ (خمسا وعشرين) اَللّٰهُمَّ

برکت عطا فرما میری موت میں (یعنی اچھی موت دے) یعنی بعد موت کے راحت عطا فرما اے اللہ

لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا

نہ تو بے خوف کر مجھکو اپنے مکر سے اور نہ تو بھلا مجھ سے اپنا ذکر اور نہ پھاڑ مجھ سے

سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغٰفِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ

اپنا پردہ اور نہ تو کر مجھکو غافلوں میں سے　　اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

مصیبت دنیا اور مصیبت قیامت کے دن سے　　اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ بَلَائِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَا اِلٰى

تیری عافیت کی عجلت کا اور تیری بلاؤں کے دفع ہونیکا اور دنیا سے نکل کر تیری

رَحْمَتِكَ يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ يَا

رحمت میں آنیکا اے وہ ذات جو تمام سے کافی ہے یعنی تمام سے مستغنی ہے اور جسکو کوئی کافی نہیں یعنی جس سے کوئی مستغنی نہیں

اَحَدَ مَنْ لَّا اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهُ انْقَطَعَ الرَّجَاءُ

اے وہ ذات واحد جسکا کوئی شریک نہیں اے وسیلہ جسکے لئے کسی وسیلہ کی حاجت نہیں امید ٹوٹ گئی مگر

اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ

مگر تجھ سے تو نجات دے مجھکو اون سے جن میں مبتلا ہوں اور میری امداد فرما اوسپر جو مجھپر نازل ہوئیں

بِيْ بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

اپنے روئے کریم کی عزت کے طفیل میں اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں آمین۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

رحمت بھیج محمدؐ پر اور محمدؐ کی آل پر جیسا کہ تو پسند فرمائے اور جس سے تو راضی ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان ہے نہایت رحم کرنیوالا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ

اے اللہ ہم تجھ سے طالب اعانت ہیں اور تجھ سے طالب مغفرت ہیں اور ہم تجھ پر ایمان لائے اور تجھ پر بھروسہ

عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ

کرتے ہیں اور تیری بہتر تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے

وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ

اور ہم چھوڑتے و ترک کرتے ہیں اسکو جو تیری نافرمانی کرتا ہے اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اللہ

نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ

تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور تیرے ہی لئے سجدہ کرتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار ہوتے ہیں

وَنَخْشٰی عَذَابَکَ الْجِدَّ اِنَّ عَذَابَکَ الْجِدَّ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ

اور تیرے یقینی عذاب سے ڈرتے ہیں اور تحقیق عذاب کافروں پر آنے والا ہے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا

اے ہمارے رب ہم کو دنیا میں اور آخرت میں نیکی عطا کر اور بچا تو ہم کو

عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

دوزخ کے عذاب سے اے رب ہمارے ایمان لائے ہم پس بخشدے تو ہماری گناہ ہمارے اور

عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا

بچا تو ہمکو عذاب نار سے اے رب ہمارے اور دے ہمکو جس کا تو نے وعدہ کیا اپنے رسولوں کے اور

تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ

تو ہمکو قیامت کے دن رسوا نہ کر بلاشبہ تو وعدہ کے خلاف نہ کریگا اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں

مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ

تجھ سے دوزخ کے عذاب سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے قبر کے عذاب سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا

دجال کے فتنہ سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے زندگی اور موت کے فتنہ سے

وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى

اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے گناہ اور قرض سے اے اللہ میری امداد فرما

ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ

اپنے ذکر اور اپنے شکر اور اپنے بہتر عبادت کے لیے اے اللہ اے ہمارے رب

رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّكَ اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ

اور تمام اشیاء کے رب میں گواہی دیتا ہوں کہ تو تنہا رب ہے تیرا کوئی شریک نہیں

لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ

اے اللہ ہمارے پروردگار اور تمام اشیاء کے پروردگار میں گواہی دیتا ہوں کہ

اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ

اے اللہ اے رب ہمارے اور تمام اشیاء کے رب میں گواہی دیتا ہوں کہ تمام بندے

اِخْوَةً اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ اِجْعَلْنِيْ مُخْلِصًا لَّكَ وَ

بھائی ہیں۔ اے اللہ ہمارے رب اور تمام اشیاء کے رب کر مجھکو اور میرے اہل کو اپنا

اَهْلِيْ فِيْ كُلِّ سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

مخلص تمام وقتوں میں دنیا اور آخرت میں۔ اے بڑی بزرگی و بخشش والے

اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ

سن اور قبول فرما۔ اللہ تمام بڑوں سے بہت بڑا ہے اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

وَالْاَرْضِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اللہ تمام بڑوں سے بڑا ہے کافی ہے مجھکو اللہ اور بہترین ذمہ دار ہے

اَللّٰهُ اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ

اللہ تمام بڑوں سے بڑا ہے اے اللہ اصلاح فرما میرے دین کی جو

عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ

میرے کام کیلئے عصمت واصل ہے اور اصلاح فرما میرے دنیا کی جس میں میری زندگی و معاش ہے اور اصلاح

لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ

کر میرے آخرت کی جہاں مجھے جانا ہے اور مجھکو زندہ رکھ جب تک کہ زندگی میرے لئے

خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ

بہتر ہو۔ اور مجھکو موت دے جب کہ میرے لئے موت بہتر ہو اور زیادہ کر میری حیات

زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

کو تمام بہتر کاموں میں اور موت کو تمام برائیوں سے میرے لئے راحت بنا

الْمُقِيمُ الَّذِي لَا يَحُولُ وَلَا يَزُولُ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا

ہمیشہ رہنے والا جو کبھی نہ بدلے اور نہ زائل ہو اے اللہ نہیں ہے کوئی آسانی لیکن جس کو تو

جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا إِذَا شِئْتَ لَا

آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے مصیبت کو آسان کر دیتا ہے　نہیں ہے

إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

کوئی معبود مگر اللہ جو حلیم و کریم ہے پاک ہے اللہ جو عرش عظیم کا رب ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ أَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ

تمام تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام عالم کا پالنے والا ہے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے رحمت کا

وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالْغَنِيمَةَ

کا اسباب مغفرت کا اور بچاؤ کا ہر گناہ سے اور عمدگی کا ہر بھلائی سے اور

مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ لَا تَدَعْ لِي ذَنْبًا إِلَّا

سلامتی کا تمام گناہوں سے نہ تو چھوڑ کوئی گناہ میرے لئے لیکن یہ کہ تو بخشدے اسکو

غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا كَرْبًا إِلَّا نَفَّسْتَهُ

اور نہ کوئی رنج لیکن تو دور کر دے اسکو اور نہ کوئی تکلیف لیکن اسکو زائل کر دے تو

وَلَا ضُرًّا إِلَّا كَشَفْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا

اور نہ کوئی نقصان لیکن تو دفع کر دے اسکو اور نہ کوئی حاجت جو تیری رضا کا باعث ہو مگر

و مغرب اور کونین کے قطب ہیں جو ثقلین کے شیخ غوث اعظم

غَوْثِ الْكَوْنَيْنِ سَيِّدِنَا وَهَادِيْنَا وَمُرْشِدِنَا وَمَوْلَانَا اَبِيْ مُحَمَّدٍ

غوث کونین ہمارے سردار و ہمارے ہادی و ہمارے مرشد و مولا سیدنا ابو محمد

عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ مُحْيِ الدِّيْنِ قُدِّسَ سِرُّهٗ اَنْ تُعْطِيَنِيْ

عبد القادر جیلانی محی الدین قدس سرہ کے یہ کہ عطا کر تو مجھکو

حُبَّ نَبِيِّكَ حُبًّا كَثِيْرًا اِلٰى لِقَاءٍ خَاتَمِ اَنْبِيَائِكَ وَاَنْ تُرِيَنِيْ

اپنے نبی کی محبت کثیر یہاں تک کہ شرف لقاء حاصل ہو جائے تیرے ختم انبیاء سے اور یہ کہ دکھا مجھکو

جمال

جَمَالَ وَجْهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

روئے جمال تیرے نبی ہمارے سردار محمد علیہ الصلواۃ و السلام

وَأَنْ تَرْزُقَنِي حُبَّكَ حُبًّا كَثِيْرًا إِلَيْكَ وَأَنْ تَرْزُقَنِي

اور یہ کہ تو عطا فرما مجھکو اپنی محبت زیادہ تر اور یہ کہ تو عطا فرما مجھکو

شَوْقَكَ شَوْقًا كَبِيْرًا إِلٰى لِقَائِكَ وَأَنْ تُرِيَنِي جَمَالَ

بہت بڑا اشوق تیری ملاقات کا اور یہ کہ تو دکھا مجھکو روئے جمال اپنا

وَجْهِكَ حَتّٰى أَلْقَاكَ وَأَنْ تُعْطِيَنِي لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى جَمَالِ

یہانتک کہ مجھکو تیری لقا حاصل ہوجائے - اور یہ کہ تو عطا فرما مجھکو لذت نظر آپ

وَجْهِكَ وَأَنْ تُعْطِيَنِي مِنْ نِعْمَتِكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ بِهَا عَلَى

روئے جمال کی اور یہ کہ تو عطا فرما مجھکو اپنی اون نعمتوں میں سے جنکا تو نے انعام کیا

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ

نبیوں و صدیقوں اور شہداء و صالحین پر

عِبَادِكَ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ تَقَبَّلْ دَعْوَاتِيْ بِإِحْسَانِكَ

اپنے بندوں سے اے مجیب اے مجیب اے مجیب قبول فرما میری دعاؤنکو اپنے احسان سے

إِنَّكَ أَنْتَ الْمُجِيْبُ لِدُعَاءِ الدَّاعِيْنَ ؞ وَإِنَّكَ لَا تَرُدُّ عَنْ

بیشک تو قبول کرنیوالا ہے دعا کرنیوالوں کی دعاؤنکو اور بیشک تو نہیں رد کرتا

بَابِكَ السَّائِلِيْنَ ؞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ

اپنے دروازے سے سائلونکو اے اللہ رحمت کاملہ اور سلام اور برکت اور کرم نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِ الْعُظَمَآءِ الْمُرْسَلِیْنَ ۞ وَسَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ الْمُکَرَّمِیْنَ

بلند تر رسولوں کے سردار وانبیاء مکرمین کے سردار

وَسَیِّدِ الْفُضَلَآءِ الْوَاصِلِیْنَ ۞ وَسَیِّدِ الْعُظَمَآءِ الْعَارِفِیْنَ

فضلاء واصلین کے سردار عظماء عارفین کے سردار

وَسَیِّدِ الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ ۞ وَسَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ۞

ملائکہ مقربین کے سردار تمام جہانوں کے سردار

مَالِکِ الْاَکْوَانِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَفْضَلِ الْاِنْسِ

تمام اول وآخر کے جہانوں کے مالک انسان

وَالْجِنِّ وَالْمَلٰٓئِکَةِ الْمُهَیَّمِیْنَ مِرْاٰتِ الْعُظَمَآءِ وَالْفُضَلَآءِ مِنَ

اور جن اور ملائکہ میں مہیمین میں افضل عظماء اور فضلاء

الْمُقَرَّبِیْنَ مَعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَاَسْرَارِ الْمُحَقِّقِیْنَ نُوْرِ عُیُوْنِ

مقربین کے آئینہ انوار کے معدن اور محققوں کے اسرار تمام مخلوق

الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِیْنَ ۞ اَحْسَنِ الْاَشْیَآءِ اَفْضَلِ الْعٰلَمِیْنَ ۞

کی آنکھوں کے نور اشیاء میں حسن تمام جہانوں میں افضل

اِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ اِمَامِ النَّبِیِّیْنَ ۞ اِمَامِ الْمُقَرَّبِیْنَ قِبْلَةِ الْخَلَآئِقِ

رسولوں ونبیوں کے امام مقربوں کے امام تمام مخلوق کے قبلہ

اَجْمَعِیْنَ ۞ سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَشَفِیْعِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

ہمارے سردار و حبیب اور ہمارے شفیع و مولا محمد

الْمُصْطَفٰی اَحْمَدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلَیْهِ اَفْضَلَ
مصطفٰے اختم المرسلین وخادم النبیین پر اور رحمت کاملہ نازل فرما آپ پر
صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِ اَفْضَلَ بَرَكَاتِكَ وَكَرِّمْ عَلَیْهِ اَفْضَلَ
اپنی بہترین رحمت اور برکت نازل فرما آپ پر اپنی بہترین برکت اور کرم نازل فرما آپ پر
كَرَامَاتِكَ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ اَفْضَلَ تَسْلِیْمَاتِكَ كَثِیْرًا كَثِیْرًا
اپنا بہترین کرم اور سلام نازل فرما آپ پر اپنا بہترین سلام زیادہ تر زیادہ تر
كَمَا یُحِبُّكَ وَیَرْضَاكَ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلَیْهِ وَعَلٰی
جیسا تجھکو پسند ہو اور جس سے تو راضی ہو اور رحمت کاملہ وسلامتی و برکت اور کرم نازل کر
اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ ۞ وَاَزْوَاجِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَخُلَفَائِهِ الرَّاشِدِیْنَ
اوپر آپکے اور آپکی تمام آل طیب کے وازواج طاہر اور خلفاء راشدین پر
وَصَحَابَتِهِ الْاَفَاضِلِیْنَ وَعَلٰی قُطْبِ الْاَقْطَابِ قُطْبِ
اور آپکے صحابہ بہترین پر اور قطب الاقطاب پر جو قطب ہیں
الْمُكَمِّلِیْنَ قُطْبِ الْعُظَمَاءِ الْمُقَرَّبِیْنَ ۞ قُطْبِ الْعُرَفَاءِ الْمُكَرَّمِیْنَ
کاملین کے قطب عظما مقربین کے قطب عرفاء مکرمین کے قطب
قُطْبِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُفَخَّمِیْنَ ۞ قُطْبِ السَّمٰوٰتِ
انس وجن اور ملائکہ بلند مرتبہ کے قطب آسمانوں
وَالْاَرَضِیْنَ قُطْبِ الْعَوَالِمِ اَجْمَعِیْنَ ۞ غَوْثِ الْاَعْظَمِ غَوْثِ
اور زمینوں کے قطب تمام جہانوں کے قطب غوث اعظم

الْعٰلَمِیْنَ بَدْرِ الْاَتْقِیَاءِ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ صَدْرِ الْاَصْفِیَاءِ

تمام جہانوں کے غوث بدر اتقیا ، عارفوں کے شمس پاکبازوں کے صدر

اِمَامِ الصِّدِّیْقِیْنَ سَیِّدِ الْاَوْلِیَاءِ سُلْطَانِ السَّلَاطِیْنِ اَفْضَلِ

صدیقوں کے امام اولیا کے سردار سلطان　　فاضلوں میں

الْفُضَلَاءِ قِبْلَةِ الْوَاصِلِیْنَ عَظِیْمِ الْعُظَمَاءِ مُرْشِدِ السَّالِکِیْنَ

افضل واصلوں کے قبلہ عظیموں میں اعظم سالکوں کے مرشد

غَوْثِ الْوَرٰی غِیَاثِ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ سَیِّدِنَا وَهَادِیْنَا وَمُرْشِدِنَا

مخلوق کے غوث فریادرسوں کے فریادرس ہمارے سردار ہمارے ہادی ہمارے مرشد

وَمَوْلَانَا اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ مُحْیِ الدِّیْنِ عَلٰی عَدَدِ

اور ہمارے مولانا سیدنا ابو محمد عبدالقادر جیلانی محی الدین پر بشمار تیرے

حَسَنَاتِ اَنْبِیَائِكَ وَعَدَدِ حَسَنَاتِ اَوْلِیَائِكَ وَعَدَدِ حَسَنَاتِ

تمام انبیا کی نیکیوں کے اور بشمار تیرے تمام اولیا کی نیکیوں کے اور بشمار تیرے تمام

اَصْفِیَائِكَ وَعَدَدِ حَسَنَاتِ اَتْقِیَائِكَ وَعَدَدِ حَسَنَاتِ

اصفیاء کی نیکیوں کے وبشمار تیرے تمام اتقیاء کی نیکیوں کے اور بشمار

جَمِیْعِ خَلَائِقِكَ وَعَدَدِ مَنْ صَلّٰی وَسَلَّمَ عَلٰی نَبِیِّكَ وَعَدَدِ

تیری تمام مخلوق کی نیکیوں کے اور بشمار ان کے جنہوں نے رحمت وسلام بھیجا تیرے نبی پر اور

عُلُوْمِ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِیْنَ

بشمار انبیاء وصدیقوں وشہدا و صالحین کے علوم کے

مِنْ عِبَادِكَ وَعَدَدَ عُلُوْمِ مَلَائِكَتِكَ وَعَدَدَ نُجُوْمِ سَمٰوٰتِكَ
اپنے بندے سے اور بشمار علوم تیرے تمام ملائکہ و بشمار تیرے آسمانوں کے ستاروں کے
وَعَدَدَ جَمِيْعِ الْاَشْجَارِ وَالثِّمَارِ وَاَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ فِيْ
اور بشمار تمام اشجار و پھلوں اور درختوں کی پتیوں کے جو
اَرْضِكَ وَعَدَدَ الرِّمَالِ وَالْجِبَالِ فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ وَعَدَدَ
تیری زمین پر ہیں۔ اور بشمار ریگ و پہاڑ جو تیری خشکی و تری میں ہیں اور بشمار
قَطَرَاتِ مَاءٍ اَقْطَرْتَهَا بِحِكْمَتِكَ وَعَدَدَ قَطَرَاتِ مَاءٍ
پانی کے قطروں جو تیرے حکم سے گرتے ہیں اور بشمار پانی کے قطروں کے
تَقْطُرُهَا بِمَشِيَّتِكَ وَعَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ وَعَدَدَ اَنْفَاسِ
جو تیری مشیت سے گرتے ہیں اور بشمار تیری بحروں کی موجوں کے اور بشمار
جَمِيْعِ خَلَائِقِكَ وَعَدَدَ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ وَمِلْءَ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ
تیری تمام مخلوق کے انفاس کے اور بشمار تیری تمام کے اور ساتوں آسمانوں
وَاَرْضِكَ وَمِلْءَ كُلِّ مَكَانٍ وَلَا مَكَانٍ بِرَحْمَاتِكَ وَعَلٰى
اور زمینوں کے بھرپور اور تمام مکانوں کے بھرپور تیری رحمتوں کے ساتھ
قَدْرِ قُدْرَتِكَ وَاَقْدَارِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ وَعَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ
بلحاظ تیری قدرت کی قدر و تیری ذات کی عظمت کی قدر اور بشمار ان اشیا کے جنکو تیرا علم محیط ہے
عِلْمُكَ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلَيْهِمْ مِثْلَ ذٰلِكَ فِيْ
اور رحمت کاملہ وسلام نازل فرما اور نیز '' سی کے مثل

كُلَّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ وَّفِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّسَاعَةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ
ہر دن و ہر رات و ہر وقت و ہر ساعت میں لاکھوں مرتبہ
دَائِمًا اَبَدًا بِبَقَائِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۞ اٰمِيْنَ ۞
ہمیشہ ہمیشہ تیری بقا کے ساتھ اے سارے جہان کے رب - آمین

منزلِ ہفتم　اَلْحِزْبُ السَّابِعُ فِيْ يَوْمِ السَّبْتِ　بروز شنبہ

اَللّٰهُمَّ يَا خَالِقَ كُلِّ مَخْلُوْقٍ وَّيَا مَالِكَ كُلِّ مَمْلُوْكٍ يَا صَاحِبَ
اے اللہ اے تمام مخلوق کے خالق اور اے تمام مملوک کے مالک اے صاحب
كُلِّ مَوْلُوْدٍ يَا رَبَّ كُلِّ مَوْجُوْدٍ يَا مَالِكَ كُلِّ مَطْلُوْبٍ يَا صَاحِبَ
تمام پیدا ہوئی چیزوں کے اے رب تمام موجودات کے اے تمام مطلوب کے مالک اے
كُلِّ مَقْصُوْدٍ يَا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوْقٍ يَا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوْبٍ
تمام مقصود کے صاحب اے تمام کے رازق اے تمام مصیبتوں کے دور کرنے والے
يَا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُوْمٍ يَا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُوْمٍ يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ
اے تمام رنج و غم کے زائل کرنے والے اے تمام پر رحم کرنیوالے اے تمام تنہا کے مونس
يَا وَالِيَ كُلِّ غَرِيْبٍ يَا هَادِيَ كُلِّ مُضِلٍّ يَا شَافِيَ كُلِّ مَرِيْضٍ يَا
اے تمام غریبوں کے والی اے تمام گمراہوں کے ہادی اے تمام مریضوں کو شفا دینے والے
مُغْنِيَ كُلِّ فَقِيْرٍ يَا مُجِيْبَ كُلِّ دَعْوَةٍ يَا مُعْطِيَ كُلِّ سَائِلٍ
اے تمام فقیروں کو غنی کرنے والے اے تمام دعاؤں کو قبول کرنیوالے اے تمام سائلوں کو دینے والے

أَسْأَلُكَ بِجَاهِ رَسُوْلِكَ خَتْمِ الْمُرْسَلِيْنَ ۞ وَخَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ ۞

سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے رسول ختم المرسلین　اور خاتم النبیین

وَأَفْضَلِ الْعَالَمِيْنَ ۞ وَسَيِّدِ الْعَوَالِمِ أَجْمَعِيْنَ ۞ أَنْ تُعْطِيَنِيْ

و افضل العالمین و تمام جہانوں کے سردار کے وسیلہ سے یہ کہ تو عطا کر مجھکو

حُبَّ نَبِيِّكَ حُبًّا كَثِيْرًا إِلَى لِقَاءِ خَاتِمِ أَنْبِيَائِكَ وَأَسْأَلُكَ

محبت اپنے نبی کی محبت کثیر یہاں تک کہ مجھکو تیرے خاتم انبیاء کا لقا حاصل ہو جائے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

أَنْ تُرِيَنِيْ جَمَالَ وَجْهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى عَلَيْهِ

یہ کہ تو دکھا مجھکو روئے جمال اپنے نبی　ہمارے سردار　محمد مصطفیٰ　علیہ الصلوٰۃ

الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَعْدِنِ أَنْوَارِكَ وَخَزَائِنِ أَسْرَارِكَ وَأَسْأَلُكَ

والسلام کا جو تیرے انوار کے معدن اور تیرے اسرار کے خزانہ ہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

أَنْ تُعْطِيَنِيْ حُبَّكَ حُبًّا كَثِيْرًا وَشَوْقًا كَبِيْرًا إِلَى لِقَائِكَ وَ

یہ کہ تو عطا کر مجھکو محبت زیادہ تر اور شوق کبیر اپنی لقا　کا　اور

أَسْأَلُكَ أَنْ تُرِيَنِيْ جَمَالَ وَجْهِكَ حَتّٰى أَلْقَاكَ وَأَسْأَلُكَ

سوال کرتا ہوں تجھ سے یہ کہ تو دکھا مجھکو اپنا روئے جمال یہاں تک کہ مجھکو لقا حاصل ہو جائے سوال کرتا ہوں تجھ سے

أَنْ تُعَلِّمَنِيْ مِنْ عُلُوْمِ أَسْرَارِ حَقِيْقَتِكَ وَأَسْأَلُكَ أَنْ تَكْشِفَ لِيْ

یہ کہ تو سکھا مجھکو تیری حقیقت کے اسرار کے علوم اور سوال کرتا ہوں تجھ سے یہ کہ تو کھولدے میرے لئے

أَنْوَارَ مَعْرِفَتِكَ وَأَنْ تُنَوِّرَ وُجُوْدِيْ بِأَنْوَارِ وُجُوْدِكَ

تیری معرفت کے انوار اور یہ کہ تو منور کر دے میرے وجود کو اپنے وجود کے انوار سے

وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَمْلَأَ قَلْبِىْ وَرُوْحِىْ بِاَنْوَارِ اَحَدِيَّةِ ذَاتِكَ

اور سوال کرتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ تو پر کردے میرے قلب میری روح کو اپنے انوار ذات احدیت سے

وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُغْنِيَنِىْ بِنَعِيْمِ خَصَائِصِ مَعْرِفَتِكَ وَاَسْئَلُكَ

اور سوال کرتا ہوں تجھ سے یہ کہ تو غنی کر دے مجھکو اپنی معرفت کی خاص نعمتوں کے ساتھ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

اَنْ تُقَرِّبَنِىْ اِلَيْكَ بِطَاعَتِكَ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَنِىْ مَعَ

یہ کہ تو اپنی قربت عطا کر مجھکو طاعت کے ساتھ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے یہ کہ تو کردے مجھکو

الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ بِاَفْضَالِكَ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُعْطِيَنِىْ جَمِيْعَ

انبیا اور اولیا کے ساتھ اپنے فضل سے اور سوال کرتا ہوں تجھ سے یہ کہ تو عطا کر مجھکو میرے

مَطَالِبِىْ بِاَلْطَافِكَ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ تَقَبَّلْ دَعَوَاتِىْ

تمام مطالب اپنی مہربانیوں سے اے مجیب اے مجیب اے قبول کرنیوالے قبول کر میری دعاؤں کو

بِاِحْسَانِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اٰمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اپنے احسان سے اے رب العالمین آمین۔ اے اللہ رحمت کاملہ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَعَلٰى سَيِّدِنَا غَوْثِ

ہمارے سردار محمد پر جو سارے جہانوں کے سردار ہیں اور آپ کی آل پر اور ہمارے سردار غوث

الْاَعْظَمِ مُحْىِ الدِّيْنِ عَدَدَ كُلِّ خَلْقِكَ فِىْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ

اعظم محی الدین پر بشمار تیری تمام مخلوق کے ہر وقت و ہر زمانہ میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے رسول رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَيْكَ يَا مَقْبُوْلَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

تم پر اے اللہ کے مقبول رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے نبی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَجِيَّ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے رازداں رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَرِيْبَ اللّٰهِ

تم پر اے اللہ کے حبیب رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے قریب

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَحْمَةَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کی رحمت و رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ

تم پر اے اللہ کی حجت۔ رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کی بہترین مخلوق

اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْسَنَ خَلْقِ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے احسن مخلوق رحمت کاملہ

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے دوست رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر

يَا كَلِيْمَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَلِيْمَ اَسْرَارِ اللّٰهِ

اے اللہ کے کلیم رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے اسرار کے جاننے والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قَدِیْمَ نُوْرِ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے نور قدیم رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَیْکَ یَا مَعْدِنَ اَنْوَارِ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَزِیْنَۃَ

تم پر اے اللہ کے انوار کے معدن رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے

اَسْرَارِ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُشَاھِدَۃَ کَمَالِ اللّٰہِ

اسرار کے خزانہ رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے کمال کے مشاہدہ کرنیوالے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مِرْاٰتَ جَمَالِ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے جمال کے آئینہ رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَیْکَ یَا مَحْبُوْبَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَطْلُوْبَ اللّٰہِ

تم پر اے اللہ کے محبوب رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے مطلوب

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَحْمُوْدَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَقْصُوْدَ اللّٰہِ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے محمود رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اللہ کے مقصود

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَنَا عِنْدَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اللہ کے پاس ہمارے شفیع رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَیْکَ یَا وَسِیْلَتَنَا اِلَی اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ

تم پر اے اللہ کے یہاں ہمارے وسیلہ رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے

الْعَالَمِیْنَ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ

دونوں جہاں کے سردار رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے اولین و آخرین کے سردار

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ اَلصَّلٰوۃُ وَ
رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے گنہگاروں کے شفیع رحمت کاملہ اور

السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
سلام نازل ہو تم پر اے فریاد رسوں کے فریاد رس رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَیْكَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ
تم پر اے خاتم النبیین رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۞ اَلْفُ صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ عَلَیْكَ رَسُوْلَ الثَّقَلَیْنِ
پروردگار عالم کے رسول ہزاروں صلوۃ وسلام نازل ہو تم پر اے جن و انس کے رسول

اَلْفُ صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا صَاحِبَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَلْفُ
ہزاروں رحمت وسلام نازل ہو تم پر اے صاحب قاب قوسین ہزاروں

صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ الْحَرَمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ اَلْفُ
رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو تم پر اے نبی حرمین شریفین کے ہزاروں

صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا حَبِیْبَ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَالْمَغْرِبَیْنِ
رحمت کاملہ وسلام نازل ہو تم پر اے مشرقین و مغربین کے رب کے حبیب

اَلْفُ صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا اِمَامَ الثَّقَلَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوۃٍ
ہزاروں رحمت کاملہ وسلام نازل ہو تم پر اے امام جن و انس کے ہزاروں رحمت کاملہ

وَسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا اَفْضَلَ الْکَوْنَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوۃٍ وَسَلَامٍ
اور سلام نازل ہوں تم پر اے افضل کونین کے ہزاروں رحمت کاملہ اور سلام نازل ہو

عَلَیْكَ یَا وَسِیْلَةَ الثَّقَلَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا

تم پر اے جن و انس کے وسیلہ ہزاروں رحمت تامہ اور سلام نازل ہوں تم پر اے

سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا مَلَاذَ الثَّقَلَیْنِ

کونین کے سردار ہزاروں رحمت کاملہ اور سلام نازل ہوں تم پر اے انس و جن کے جائے پناہ

اَلْفُ صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا غِیَاثَ الْفَرِیْقَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوةٍ

ہزاروں رحمت کاملہ وسلام نازل ہوں تم پر اے انس و جن کے فریاد رس ہزاروں رحمت کاملہ

وَّسَلَامٍ عَلَیْكَ یَا رُوْحَ جَسَدِ الْکَوْنَیْنِ ۞ اَلْفُ صَلٰوةٍ وَّسَلَامٍ

اور سلام نازل ہوں تم پر اے کونین کے جسم کی روح ہزاروں رحمت کاملہ اور سلام نازل ہوں

عَلَیْكَ یَا عَیْنَ حَیَاةِ الدَّارَیْنِ ۞ اَغِثْنِیْ وَارْحَمْنِیْ

تم پر اے عین حیات دارین میری فریاد کو پہنچو اور مجھ پر رحم کیجو

یَا سَیِّدَنَا وَنَبِیَّنَا وَشَفِیْعَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اے ہمارے سردار و ہمارے نبی و ہمارے شفیع و ہمارے مولا محمد اللہ کے رسول

صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْكَ وَسَلَّمَ عَلَیْكَ وَبَارَكَ عَلَیْكَ دَآئِمًا

رحمت کاملہ نازل فرمائے اللہ تم پر اور سلامتی و برکت نازل فرمائے تم پر ہمیشہ

اَبَدًا اَبَدًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ۞ یَا سَیِّدَ الرُّسُلِ وَالْاَنْبِیَآءِ

ہمیشہ زیادہ زیادہ اے رسولوں و انبیاء کے سردار

یَا خَاتَمَ الرُّسُلِ وَالْاَنْبِیَآءِ یَا مَحْبُوْبَ الْمَحْبُوْبِ یَا مَطْلُوْبَ

اے ختم رسل و انبیا اے محبوبوں کے محبوب اے مطلوبوں کے مطلوب

الْمَطْلُوْبِ ۞ يَا سَيِّدَ الْكَائِنَاتِ ۞ يَا جَامِعَ الْكَمَالَاتِ ۞ يَا
اے سارے جہاں کے سردار اے جامع الکمالات اے

مَبْعُوْثَ اللَّيْثِ ۞ يَا غَوْثَ الْغَيْثِ ۞ يَا صَاحِبَ التَّاجِ ۞
اے صاحب تاج

يَا صَاحِبَ الْمِعْرَاجِ ۞ يَا رُوْحَ الْأَرْوَاحِ ۞ يَا أَبَا الْأَرْوَاحِ
اے صاحب معراج اے روحوں کے روح اے روحوں کی اصل

يَا ذَا الْعِزِّ الشَّامِخِ ۞ يَا ذَا الْمَجْدِ الْبَاذِخِ ۞ يَا سَيِّدَ كُلِّ مَوْجُوْدٍ
اے صاحب عزت رفیع اے صاحب شرف بلیغ اے سردار تمام موجودات کے

يَا أَفْضَلَ كُلِّ مَوْلُوْدٍ ۞ يَا مُنْقِذَ الْمَلَاذِ ۞ يَا جَهْبَذَ الْمَعَاذِ ۞
اے تمام لوگوں میں افضل ترین اے پناہ چاہنے والوں کو نجات دلانے والے اے پناہ مانگنے

يَا صَاحِبَ الْمَحْشَرِ ۞ يَا صَاحِبَ الْكَوْثَرِ ۞ يَا عَزِيْزَ الْأَعَزِّ ۞ يَا
والوں کے عارف اے صاحب محشر اے مالک کوثر اے عزیزوں سے عزیز تر اے

كَنْزَ الْمُعِزِّ ۞ يَا سَيِّدَ النَّاسِ ۞ يَا خَيْرَ النَّاسِ ۞ يَا مَطْلُوْبَ
خزانہ معزز - اے لوگوں کے سردار اے لوگوں سے بہتر اے مطلوب

رَبِّ الْعَرْشِ ۞ يَا مَرْغُوْبَ أَهْلِ الْفَرْشِ ۞ يَا حَبِيْبَ الْأَخَصِّ
رب العرش اے مرغوب اہل زمین اے حبیب خاص

يَا دَلِيْلَ الْأَرْضِ ۞ يَا مَحْبُوْبَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
اے دلیل ظاہر اے محبوب رب آسمانوں و زمینوں کے

يَا مَطْلُوْبَ خَالِقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۞ يَا قَوَّامَ الْمُقْسِطِ يَا
اے مطلوب خالق آسمانوں و زمین کے اے بہت بڑے عادل اے
رُوْحَ الْقِسْطِ ۞ يَا حَفِيْظَ الْحَافِظِ ۞ يَا مَحْفُوْظَ الْوَاعِظِ ۞
روح عدل اے حفیظ محافظ اے محفوظ واعظ
يَا صَاحِبَ قَلْبِ الضَّارِعِ ۞ يَا صَاحِبَ الصَّدْرِ الْجَامِعِ ۞ يَا
اے خشوع خضوع کرنے والے کے دل کے مالک اے
مُبَلِّغَ الْمُبَلِّغِ الْبَالِغِ ۞ يَا حُجَّةَ الْبَالِغَةِ الدَّامِغِ ۞ يَا سَيِّدَ
تبلیغ بالغ کے پہنچانے والے اے کامل حجت اے اشراف کے سردار
الْاَشْرَافِ ۞ يَا اَكْرَمَ الْاَسْلَافِ ۞ يَا حَقِيْقَةَ الْحَقَائِقِ ۞ يَا
اے اسلاف میں اکرام اے حقیقتوں کی حقیقت اے
اَفْضَلَ جَمِيْعِ الْخَلَائِقِ ۞ يَا سَيِّدَ الطَّرِيْقِ وَالسُّلُوْكِ ۞ يَا سَيِّدَ
تمام مخلوق میں افضل اے طریق وسلوک کے سردار اے سردار
الْاَمْلَاكِ وَالْمُلُوْكِ ۞ يَا حَبِيْبَ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ ۞ يَا جَامِعَ
ملکیت وملک کے آقا اے حسن وجمال کے حبیب اے تمام کمال کے
لِكُلِّ الْكَمَالِ ۞ يَا كَرِيْمُ الْاَكْرَمُ ۞ يَا رَحِيْمُ الْاَرْحَمُ ۞ يَا
جامع اے کریم اکرم اے رحیم ارحم اے
سَيِّدَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۞ يَا اَفْضَلَ الْعٰلَمِ اَجْمَعِيْنَ ۞
اولین وآخرین کے سردار اے تمام عالم میں افضل

یَا خَاتِمَ رِسَالَةِ وَالنُّبُوَّةِ ۞ یَا بَحْرَ الْكَرَمِ وَالْفُتُوَّةِ ۞ یَا
اے رسالت ونبوت کے خاتم اے کرم وبخشش کے بحر اے
اَفْضَلَ خَلْقِ اللّٰهِ ۞ یَا اَحْسَنَ خَلْقِ اللّٰهِ ۞ یَا اَصْدَقَ الصَّادِقِیْنَ
خلق خدا میں افضل اے خلق خدا میں احسن اے صادقوں میں صدق وصدق
قَوْلًا وَّفِعْلًا ۞ یَا اَكْمَلَ الْكَامِلِیْنَ بَعْدًا وَّقَبْلًا ۞ یَا نَبِیَّ
بلحاظ قول وفعل اے کاملوں میں اکمل قبل وبعد میں اے اللہ کے نبی
اللّٰهِ الْعَرَبِیِّ الْمَكِّیِّ الْمَدَنِیِّ عَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ
عربی مکی مدنی آپ پر رحمت وسلام نازل ہو بشمار
الْخَلَائِقِ وَاَنْفَاسِهَا وَعَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ
مخلوقات اون کے انفاس کے اور آپ پر رحمت وسلام نازل ہو بشمار
الْاَشْجَارِ وَاَوْرَاقِهَا وَعَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ
درختوں اور اونکے پتوں کے اور آپ پر رحمت وسلام نازل ہو بشمار
قَطَرَاتِ الْاَبْحَارِ وَاَمْوَاجِهَا وَعَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ
قطرات دریاوں کے اور اونکی موجوں کے اور آپ پر رحمت وسلام نازل ہو بشمار
الْجِبَالِ وَالرِّمَالِ وَذَرَّاتِهَا وَعَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
بہاڑوں اور ریتیوں اور انکے ذرات کے اور آپ پر رحمت وسلام نازل ہو
عَدَدَ النُّجُوْمِ وَمَنَازِلِهَا وَعَلَیْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ
بشمار ستاروں اور اونکے منازل کے اور آپ پر رحمت وسلام نازل ہو بشمار

الْمَلٰئِكَةِ وَتَسَابِيْحِهَا وَعَلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ كُلِّ

ملائکہ اور انکی تسبیحوں کے اور رحمت وسلام نازل ہو آپ پر بشمار

خَلْقِ اللّٰهِ وَعَلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ زِنَةَ كُلِّ خَلْقِ اللّٰهِ

اللہ کی تمام خلق کے اور رحمت وسلام نازل ہو آپ پر بوزن اللہ کی تمام مخلوق کے

وَعَلَيْكَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِلْأَ كُلِّ خَلْقِ اللّٰهِ وَعَلَيْكَ

اور رحمت وسلام نازل ہو آپ پر بھرپور تمام اللہ کی خلق کے اور رحمت

الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَدَدَ كُلِّ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى دَائِمًا اَبَدًا

وسلام نازل ہو آپ پر بشمار اللہ کے تمام علم کے ہمیشہ ہمیشہ

اَبَدًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا يَا سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَحَبِيْبَنَا وَ

زیادہ زیادہ زیادہ اے ہمارے سردار اور ہمارے نبی اور ہمارے حبیب اور

شَفِيْعَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

ہمارے شفیع اور ہمارے مولا محمد رسول اللہ کے اللہ تعالیٰ آپ پر رحمت کاملہ نازل

عَلَيْكَ اِنَّكَ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ۞ اِنَّكَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

فرمائے بیشک آپ تمام جہاں کیلئے رحمت ہیں۔ بیشک آپ ارحم الراحمین ہیں

اِنَّكَ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ ۞ اِنَّكَ مُحِبُّ الْمَسَاكِيْنِ ۞

بیشک آپ اکرم الاکرمین ہیں بیشک آپ مسکینوں کے محب ہیں

اِنَّكَ رَاحِمُ الْعَاجِزِيْنَ ۞ اِنَّكَ شَفِيْعُ الْمُذْنِبِيْنَ ۞ اِنَّكَ

بیشک آپ عاجزوں پر رحم کرنیوالے ہیں بیشک آپ گنہگاروں کی شفاعت کرنیوالے

غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ۞ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ۞ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ وَ

بیشک آپ فریادرسوں کے فریادرس ہیں اے حبیب اللہ کے پہونچو میری فریاد کو پہونچو میری فریاد کو

اشْفَعْ لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ

اور میری شفاعت کیجیے اللہ برتر کے پاس اے اللہ کے رازدان میری فریاد کو پہونچو میری فریاد کو

وَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۞ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ۞ اَغِثْنِيْ

پہنچو اور شفاعت کیجیے میری پاس اللہ تعالےٰ سمیع علیم کے اے نبی اللہ کے میری فریاد کو پہنچو

اَغِثْنِيْ وَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ

میری فریاد کو پہنچو میری شفاعت اللہ برتر اکرم کے پاس کیجئے اے اللہ کے رسول میری فریاد کو پہنچو

اَغِثْنِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ اللّٰهِ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ

میری فریاد کو پہنچو اور رحم کرو مجھ پر اور شفاعت کرو میری پاس مولی العظیم کے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سب تعریف ہے اللہ کیلئے جو رب ہے سارے جہان کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان ہے نہایت رحم کرنیوالا

اَللّٰهُمَّ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے اللہ سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِحَقِّ وَحُرْمَةِ وَعِزَّةِ وَعَظَمَةِ مَحْبُوْبِكَ وَمَعْشُوْقِكَ مِنْ

بتوسل و حرمت و عزت عظمت تیری محبوب و معشوق کے

اِسْمُهُ سَيِّدُنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِيْلَانِيْ مُحْيِ الدِّيْن

جنکا اسم مبارک سیدنا ابو محمد عبد القادر جیلانی محی الدین ہے

اَخَصُّ الْخَوَاصِّ نَائِبُ خَتْمِ الْاَنْبِيَاءِ قُطْبُ الْاَوْلِيَاءِ صَدْرُ

جو خاص لخاص نائب ختم انبیا قطب اولیا سردار اولیا وصدر اولیا ر

الْاَوْلِيَاءِ مَالِكُ اَزِمَّةِ الْاَوْلِيَاءِ رَيْحَانَةُ اَسْرَارِ الْاَوْلِيَاءِ

جو مالک ہیں اولیاوں کی باگوں کے موڑنے والے جو خوشبو ہیں اسرار اولیا کے

صَاحِبُ الْغَرِيْبَةِ بَيْنَ الْاَوْلِيَاءِ سُلْطَانُ الْاَوْلِيَاءِ وَافِرُ

عجب نادر شان والے اولیا میں جو سلطان ہیں اولیاؤں کے

الْحَيَاءِ شَدِيْدٌ بِالْحَيَاءِ الْمُنْبَسِطُ بِالْاَدَبِ الْبَازُ الْاَشْهَبُ

نہایت شدید حیا والے ادب میں وسیع بلند پرواز جیسے سفید باز

صَاحِبُ الرُّمْحِ الْمُصَوَّبِ صَاحِبُ مَنْهَلِ الْمُسْتَعْذَبِ صَاحِبُ

صاحب نیزہ بے خطا چشمہ شیریں

الْمَنْزِلِ الْاَعَزِّ الْاَقْرَبِ بَاذِلُ الْخِلَعِ عَلَى الْاَصْحَابِ وَاضِعُ

صاحب مقام اعلیٰ میں برتر قربت والے بخشش کرنے والے خلعتوں کو احبابوں پر

الْقَدَمِ عَلَى الرِّقَابِ رَحْبُ الْجَنَابِ الْقُطْبُ الْجَالِسُ بِسَاطِ

اور گردنوں پر قدم مبارک کے رکھنے والے نہایت کشادہ جناب مسند قربت پر بیٹھنے والے

الْقُرْبِ النَّاظِرُ فِيْ وُجُوْهِ الْقُلُوْبِ مَحَّاءُ الذُّنُوْبِ قُطْبُ

دیکھنے والے قلوب کے منہ کے گناہوں کے مٹانے والے قطب ہر وقت

الوقت

الْوَقْتِ دَلِيْلُ الْوَقْتِ سُلْطَانُ الْوَقْتِ صَاحِبُ الصِّيْتِ

ہر زمانہ کے دلیل ہر وقت کے سلطان ہر وقت کے صاحب شہرت

صَاحِبُ الْقَدَمِ الَّذِيْ فِيْ نَعْلِهِ الصِّيْتُ صَاحِبُ السَّمْتِ

صاحب قدم جنکے کفش بڑی شہرت والے ہیں صاحب روش نیک

صَاحِبُ الصَّمْتِ صَاحِبُ الْكَرَامَاتِ صَاحِبُ خَوَارِقِ الْعَادَاتِ

صاحب قصد صاحب کرامات صاحب خوارق عادات

الْغَوْثُ الْغِيَاثُ صَاحِبُ الْفَرَسِ الْمُسْرَجِ دَافِعُ الْبَلَاءِ وَالْهَرَجِ

غوث فریاد رس اسپ آراستہ کے مالک بلاؤں ومصیبتوں کے دفع کرنے والے

صَاحِبُ الْفَتْحِ صَاحِبُ الصَّفْحِ اَمْكَنُ الْمَشَائِخِ الْجَبَلُ الرَّاسِخُ

صاحب فاتح صاحب درگزر والے ۔ مشائخ میں مانند پہاڑ

شَيْخُ الْمَشَائِخِ الْجَوَادُ سَهْلُ الْقِيَادِ سُلَّمُ الشُّهُوْدِ تُحْفَةُ

شیخ الشیوخ بہت بخشش کرنے والے متقی آسان تر رہبر سلامتی شہود کی سیڑھی تحفہ

الْوُجُوْدِ اَحَدُ اَوْتَادِ الْوُجُوْدِ الْمَشْهُوْدُ الشَّاهِدُ وَاسِطَةُ

وجود کے تحفہ وجود مشہود وشاہد کے اوتاد واسطہ وصل کے

الْعِقْدِ الْمُطَّلِعُ عَلٰى خَزَائِنِ الْاَسْرَارِ النَّفَّاعَةِ الضَّرَّاءِ صَاحِبُ

آگاہ خزانہ اسرار سے نفع وضرر پہنچانے پر مختار صاحب عزو

الْوَقَارِ الْمُتَذَلِّلُ بِالْاِفْتِقَارِ صَاحِبُ الْقَوْسِ الْمَوْتُوْرِ صَاحِبُ

وقار احتیاج کے پورے کرنے والے کمان کشیدہ کے مالک

اَلسَّیْفُ الْمَشْهُوْرِ صَاحِبُ الذِّكْرِ صَاحِبُ الْفِكْرِ دَائِمُ الْبِشْرِ
شمشیر مشہور صاحب ذکر صاحب فکر ہمیشہ خوش طبع عالی قدر بلند

عَالِی الْقَدْرِ شَامِخُ الْقَدْرِ نَدِیْمُ الْاُنْسِ رَبِیْحُ رُوْحِ الْقُدُسِ
مرتبہ والے صاحب محبت روح قدس کے عطر

صَدْرُ الْمَجَالِسِ بَعْدُ النَّاسِ عَنِ الْفُحْشِ قُطْبُ الْاَرْضِ رَیْحَانَةُ اللهِ
صدر نشین مجلس والے لوگوں میں فحش سے دور قطب زمینوں کے

فِی الْاَرْضِ الْمَحْفُوْظُ الْمَلْحُوْظُ الْمَحْظُوْظُ اَظْهَرُ اللَّفْظِ شَرِیْفُ
تبرکا خوشبو اللہ کی زمین میں محفوظ ملحوظ ظاہر لفظ شریف

اَلْوَعْظِ الرَّافِعُ الْمُتَوَاضِعُ الْعَطُوْفُ الرَّؤُفُ الشَّرِیْفُ صَاحِبُ
خوش بیان والے زیادہ تر تواضع کرنیوالے مہربان شفیق شفیق شریف صاحب

التَّصْرِیْفِ الطَّوْدُ الْمُنِیْفُ صَاحِبُ طَرْحَةِ الشَّرَفِ اَلسَّیِّدُ
تصرف بلندتر پہاڑ عمارت شرف کے مالک سردار

الْاَشْرَفُ سُلْطَانُ الطَّرِیْقِ اِمَامُ اَهْلِ الطَّرِیْقِ الْمُتَصَرِّفُ
اشرف شہنشاہ طریقت امام اہل حقیقت کے تصرف کرنیوالے

فِی الْوُجُوْدِ عَلَی التَّحْقِیْقِ کَرِیْمُ الْاَخْلَاقِ طَیِّبُ الْاَعْرَاقِ
وجود میں یقینی طور پہ بہترین اخلاق والے پاک اصل

صَاحِبُ الصِّدْقِ اَقْرَبُ النَّاسِ اِلَی الْحَقِّ الْمُتَصَرِّفُ فِی الْاَكْوَانِ
نہایت سچائی والے لوگوں میں حق کی طرف زیادہ تر قریب تصرف کرنیوالے دونوں جہانوں

بِالْاِذْنِ الْمُطْلَقِ الصَّادِقِ الصُّدُوْقِ الشَّفُوْقِ الْمُبَارَكِ

تصرف کرنے والے دونوں جہاں میں بحکم مطلق کے نہایت سچے نہایت شفیق مبارک

سَلُوْبُ الْاَحْوَالِ صَادِقُ الْاَقْوَالِ عَالِي الْمَنَازِلِ الْبَحْرُ بِلَا

صاحب حال کے وجود کامل کرنیوالے سچے اقوال والے بلند مرتبہ والے بحر بے کنار

سَاحِلٍ صَاحِبُ الْوُجُوْدِ التَّامِّ الْمُخَاطَبُ بِالْاِكْرَامِ صَاحِبُ

صاحب وجود کامل مخاطب کرم کے ساتھ صاحب

الْعِلْمِ صَاحِبُ الْحِلْمِ نَافِذُ الْحُكْمِ صَاحِبُ الْكَرَمِ صَاحِبُ

علم صاحب حلم حکم کے جاری کرنے والے صاحب کرم صاحب

الْحِكَمِ اَعْلَى الْاَوْلِيَاءِ وَاَكْمَلُهُمْ اَوْرَعُ الْعُلَمَاءِ وَاَزْهَدُ

حکم اولیاء میں بلند اور سب میں کامل تر اور سب علماء سے بڑھکر متقی پرہیز گار

اَعْلَمُ الْعَارِفِيْنَ وَاَتَمُّهُمُ الْغَوْثُ الْاَعْظَمُ صَاحِبُ الْاَسْرَارِ

تمام عارفین سے بڑھکر علم والے غوث اعظم صاحب اسرار اتم

الْاَتَمِّ مُبَسِّطُ الْمَغْمُوْمِ مُبْرِئُ الْمَحْمُوْمِ سَيِّدُ الْبَرَّاتِ التُّهَذَّبِ

غم کے دور کرنے والے بیماریوں کو اچھا کرنے والے سردار زیادہ تر ترین عارفوں میں

مِنَ الْعَارِفِيْنَ قَائِدُ رَكْبِ الْمُحِبِّيْنَ مِنَ الْوَاصِلِيْنَ سَيِّدُ

قافلہ سالار محبین واصلین کے سردار عارفین کے

الْعَارِفِيْنَ قِبْلَةُ الْوَافِدِيْنَ مَلِكُ الْعُلَمَاءِ الْعَارِفِيْنَ مَالِكُ

قبلہ علماء الوارفین کے مالک علماء المقربین

أَئِمَّةُ الْمُتَصَرِّفِيْنَ أَعْلَى الْمُكَاشِفِيْنَ عَالِي الْمَنْزِلَةِ بَيْنَ

تصرف کرنیوالے اولیاء کی باگوں کے مکاشفوں میں اعلیٰ تر عارفوں میں

الْعَارِفِيْنَ إِمَامُ الصِّدِّيْقِيْنَ حُجَّةُ الْعَارِفِيْنَ قُدْوَةُ السَّالِكِيْنَ

عالی مرتبہ صدیقوں کے امام عارفوں کی حجت سالکوں کے پیشوا

صَدْرُ الْمُقَرَّبِيْنَ شَيْخُ الْمُحَقِّقِيْنَ فَرْدُ الصِّدِّيْقِيْنَ الْمَكِيْنُ الْأَمِيْنُ

مقربین کے صدر محققوں کے شیخ صدیقوں میں فرد صاحب مرتبہ امین

كَافِلُ الْمُرِيْدِيْنَ الصَّابِرُ عَلَى الطَّالِبِيْنَ مُعَلِّمُ الْغَبِيِّيْنَ إِمَامُ

مریدوں کے ذمہ دار طالبوں پر صابر کرنیوالے غالب لوگوں کے معلم

الْمُحَدِّثِيْنَ تَاجُ الْفُقَهَاءِ وَالْمُفْتِيِيْنَ مَالِكُ الزَّمَانِ إِمَامُ الْمَكَانِ

امام محدثین فقہاء ومفتیوں کے تاج زمانہ کے مالک امام مکان

سَيِّدُ أَهْلِ الزَّمَانِ أَنْزَهُ اللِّسَانِ رَحْبُ الْجَنَانِ ذُو الْبَيَانَيْنِ

اہل زمانہ کے سردار پاکیزہ تر زبان وسیع تر قلب معرفت وحقیقت دونوں بیان کرنیوالے

وَاللِّسَانَيْنِ كَرِيْمُ الْجَدَّيْنِ وَالطَّرَفَيْنِ صَاحِبُ الْبُرْهَانَيْنِ

ظاہر وباطن دونوں زبان جاننے والے کریم الجدین والطرفین صاحب زبردست حجت

وَالسُّلْطَانَيْنِ إِمَامُ الْفَرِيْقَيْنِ وَالطَّرِيْقَيْنِ ذُو السِّرَاجَيْنِ وَ

دونوں ظاہر وباطن کے امام جن وانس دونوں طریقوں دونوں روشنیوں

الْمِنْهَاجَيْنِ شَيْخُ الثَّقَلَيْنِ كَهْفُ الْخَافِقَيْنِ عَيْنُ الْكَوْنِ

دونوں راستوں کے آقا انس جن کے شیخ مخلوق کی پناہ عین وجود جہاں

الْمُنْفَرِدُ فِیْ عَالَمِ الْکَوْنِ عَالِی الْمَنْزِلَۃِ عِنْدَ اللّٰہِ اَلْقَرِیْبُ مِنَ

عالم میں یکتا　اللہ کے پاس بلند مرتبہ　اللہ سے قریب

اللّٰہِ اَلْقَائِمُ بِاَمْرِ اللّٰہِ وَارِثُ کِتَابِ اللّٰہِ نَائِبُ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَ

اللہ کے حکم پر قائم　اللہ کی کتاب کے وارث　رسول اللہ کے نائب

لِیُّ اللّٰہِ سَیْفُ اللّٰہِ اَمْرٌ مِّنْ اَمْرِ اللّٰہِ حُجَّۃُ اللّٰہِ وَارِثُ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اللہ کے ولی　اللہ کی شمشیر　امور الٰہی کے امر　اللہ کی حجت　رسول اللہ کے وارث

مَحْبُوْبُ اللّٰہِ ھِدَایَۃُ اللّٰہِ اَلْعَالِمُ بِاللّٰہِ اَقْرَبُ اَھْلِ الْاَرْضِ اِلَی

اللہ کے محبوب　اللہ کے جاننے والے　اللہ کے پاس اہل زمین سے زیادہ قریب

اللّٰہِ شَدِیْدُ النَّاسِ اِذَا انْتُھِکَتْ مَحَارِمُ اللّٰہِ اَلْفَرْدُ فِیْ وَقْتِہٖ

لوگوں میں شدید تر جبکہ حرام کی ہوئی چیزیں علانیہ طور پر ہونے لگیں　اپنے وقت کے فرد

اَلْغَائِصُ فِیْ بِحَارِ عِلْمِ اللّٰہِ وَمُشَاھَدَتِہٖ اَلشَّرِیْفُ فِیْ اَصْلِہٖ

بحر علوم الٰہی میں غوطہ زن اور اس کے مشاہدہ کرنے والے　اپنے اصل میں شریف

اَحَبُّ اَھْلِ الْاَرْضِ اِلٰی جَدِّہٖ شَدِیْدُ الْخَشْیَۃِ کَثِیْرُ الْھَیْبَۃِ

اپنے نانا کے پاس اہل زمین میں زیادہ تر محبوب　سخت خوف والے　بڑی ہیبت والے

لِسَانُ الشَّفَاعَۃِ ظَاھِرُ الْوَضَاءَۃِ نَارُ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃُ مُبْرِیُ

شفاعت کی زبان　ظاہر روشن پاکیزہ　اللہ کی روشن کی ہوئی آگ　اندھوں

الْاَعْمٰی وَالْاَبْرَصِ وَالْاَکْمَہِ اَلْحَسْرَۃُ لِمَنْ لَّمْ یَرَہٗ حَامِیُ

کوڑھیوں کو اچھا کرنے والے اور لوگوں کے حسرت کے حامی جنہوں نے آپ کو نہیں دیکھا

الْحَقِيقَةِ صَاحِبُ الشَّرِيعَةِ صَاحِبُ الطَّرِيقَةِ صَاحِبُ الْمَكْرُمَةِ
حقیقت کے حامی صاحب شریعت صاحب طریقت صاحب کرامت
سَيْفُ النِّقْمَةِ النَّاطِقُ بِالْحِكْمَةِ رُوحُ الْمَعْرِفَةِ سَرِيعُ الدَّمْعَةِ
عذاب الٰہی کی تلوار حکمت کے ساتھ بولنے والے معرفت کی روح سریع الدمعہ
مُجَابُ الدَّعْوَةِ مُتَكَلِّمُ الْحَضْرَةِ اَمِيْنُ الْمَمْلَكَةِ صَاحِبُ السِّهَامِ
جنکی دعائیں مقبول ہیں بارگاہ اقدس میں کلام کرنے والے امین مملکت کے نشانہ پہنچانے والے
الصَّائِبَةِ صَاحِبُ النِّبَالِ الْمُفَوَّقَةِ الْمُطَّلِعُ عَلٰى اَسْرَارِ الْخَلِيقَةِ
غالب تیر تیرانداز مخلوق کے اسرار سے آگاہ
الْمُغْتَرِفُ مِنْ بَحْرَيِ الشَّرِيعَةِ وَالْحَقِيقَةِ الْمَحْفُوفُ بِالرِّعَايَةِ
شریعت و حقیقت سے سیراب ہونے والے اللہ کی نگہبانی میں گھرے ہوئے
الْمَحْفُوظُ بِالْحِمَايَةِ الْمَلْحُوظُ بِالْعِنَايَةِ صَاحِبُ الْمُكَاشَفَةِ صَاحِبُ
حمایت کے ساتھ محفوظ عنایت کے ساتھ ملحوظ صاحب مکاشفہ صاحب
الْمُشَاهَدَةِ صَاحِبُ النَّقَائِبِ الْعَالِي صَاحِبُ الْمَعَالِي نَجْمُ
مشاہدہ نقیب عالی صاحب معالی ہدایت کے ستارہ
الْهُدٰى بَدْرُ الدُّجٰى شَمْسُ الضُّحٰى غَوْثُ نُورِ الْهُدٰى غَيْثُ
شب تاریک کے بدر منیر سورج روشن نور ہدایت کے غوث بخشش کی بارش
النَّدٰى مُحْيِ الْمَوْتٰى صَاحِبُ الْعِلْمِ الْوَافِي صَاحِبُ الْقَدْرِ
مردوں کو زندہ کرنیوالے صاحب علم کامل صاحب مرتبہ بلند

الْعَلِيُّ وَالسَّمْتُ الْبَهِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَأَرْضَاهُ وَوَفَّقَنَا

نہایت زیبا روشن شکل والے رضی اللہ عنہ وارضاہ اللہ راضی ہو آپ سے اور آپ اس سے توفیق

بِبَرَكَاتِ أَسْمَائِهِ السَّامِيَةِ لِمَا يُحِبُّهُ وَيَرْضَاهُ وَعَطَفَهُ

دے ہمکو آپکے اسمائے برکات کے وسیلہ سے اوس بات کی جسکو وہ پسند کرے اور جس سے خوش ہو اور مہربان ہو

عَلَى تَخْلِيصِنَا عَمَّا تَوَرَّطْنَا فِيهِ مِنِ اتِّبَاعِ النَّفْسِ وَالشَّيْطَانِ

کر آپ کو ہمکو رہائی دلانے کیلئے و نفس و شیطان کی پیروی کے

بِقُدْرَتِهِ وَوَجَّهَهُ إِلَى تَكْمِيلِنَا بِمَا نَسْتَأْهِلُ بِهِ لِمَحَبَّتِهِ

اپنی قدرت سے اور متوجہ کرا پکو ہماری تکمیل کی جانب جس سے ہم آپ کی محبت کیلئے سزاوار ہوجائیں

بِقُوَّتِهِ آمِينَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ

اسکی قوت سے آمین اے جہانوں کے رب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت بڑا مہربان ہے اور نہایت رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلَى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما ہمارے سردار محمد و اور ہمارے سردار محمد کی آل پہ

بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَبِعَدَدِ كُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَاءٍ اَللّٰهُمَّ

بشمار تمام بیماریوں اور دواؤں کے اور بشمار تمام مرض و شفا کے اے اللہ

صَلِّ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ

رحمت کاملہ نازل فرما ہمارے سردار محمد پر جو قلوب کے طب دوا ہیں اور جو عافیت و

الابدان وشفائها ونور القلوب وضيائها وعلى آله واصحابه

جسموں کی شفا میں نور قلوب اور روشنی ہیں اور آپ کے آل و اصحاب پر

وسلم بسم الله الرحمن الرحيم قل هو الله احد الله

اور سلامتی نازل فرما میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت بڑا مہربان نہایت رحیم ہے کہہ دو اللہ ایک ہے

الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد

اللہ بے نیاز ہے نہ وہ جنا اور نہ اس سے کوئی جنا گیا اور نہیں ہے اوسکا کوئی شریک

بسم الله الرحمن الرحيم قل اعوذ برب الفلق من شر ما

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا کہہ دو میں پناہ مانگتا ہوں صبح کے رب کے ساتھ

خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت في العقد

اوس کی برائیوں سے جو پیدا ہوئیں اور رات کی برائیوں سے جبکہ وہ آوے اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کی برائیوں سے

ومن شر حاسد اذا حسد بسم الله الرحمن الرحيم قل

اور حاسدوں کی برائیوں سے جبکہ حسد کریں میں شروع کرتا ہوں نام اللہ کے جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اعوذ برب الناس ملك الناس اله الناس من شر الوسواس

کہہ دو میں پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے رب کے ساتھ لوگوں کے مالک کے ساتھ لوگوں کے معبود کے ساتھ وسوسہ کی برائی سے

الخناس الذي يوسوس في صدور الناس من الجنة والناس

کے وسوسہ کی برائی سے جو کہ وسوسہ ڈالتے ہیں لوگوں کے دلوں میں جو جنات و انسان سے ہیں

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب العلمين الرحمن

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان نہایت رحیم ہے تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو تمام جہانوں کا رب

الرَّحِيمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّينِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝ اهْدِنَا

جو بڑا مہربان ہے مالک انصاف کے دن کا . تجھ ہی کو ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں چلا

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

ہم کو تو راستہ سیدھا راستہ اون لوگوں کا کہ انعام کیا تو نے جنپر نہ جنپر غصہ ہوا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝ آمِين ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ الٓمّٓ

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت بڑا مہربان و
اور نہ راہ گمراہوں کی

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيهِ ۝ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ

ونہایت رحیم ہے . الم . وہ کتاب ہے جس میں شک نہیں . ہدایت ہے متقیوں کیلئے جو کہ ایمان لا

بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ

غیب پر اور قائم کرتے ہیں نماز کو جو کچھ ہم نے اونکو دیا اوس سے خرچ کرتے ہیں اور جو کہ

يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ

ایمان لاتے اوس چیز کے ساتھ جو تیری طرف نازل ہوئی اور جو تیرے قبل والوں پر نازل ہوئی اور

هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَأُولٰئِكَ هُمُ

آخرت پر وہ لوگ یقین رکھتے ہیں وہی لوگ اپنے رب کی ہدایت پر ہیں اور وہی لوگ

الْمُفْلِحُونَ

فلاح پانے والے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ اللّٰهُمَّ مَا قَرَأْتُ سُورَةَ الْفَاتِحَةِ

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت بڑا مہربان نہایت رحیم ہے اے اللہ [illegible]

وَمَا قَرَأْتُ غَيْرَهَا مِنْ آيَاتِ الْقُرْآنِ الْعَظِيمِ كِتَابِكَ وَمَا قَرَأْتُ

اور جو کچھ میں نے پڑھا ہے قرآن عظیم کی آیتوں میں سے اسکے علاوہ تیری کتاب اور جو کچھ میں نے

الْأَدْعِيَةَ الْمُقَدَّسَةَ مِنْ كَلَامِ نَبِيِّكَ وَمَا قَرَأْتُ الْأَدْعِيَةَ الْمُبَارَكَةَ

پڑھا مقدس دعاؤں میں تیرے نبی کے کلام سے اور جو کچھ میں نے پڑھا دعاء مبارک

مِنْ كَلَامِ الصَّالِحِينَ عِبَادِكَ وَمَا حَمِدْتُ بِحَمْدِكَ وَمَا

صالحین کے کلام سے تیرے بندوں میں سے اور جو میں نے تیری حمد کی ہے تیری حمد کے ساتھ اور جو کچھ میں نے

سَبَّحْتُ بِتَسْبِيحِكَ وَمَا اسْتَغْفَرْتُ بِالْاِسْتِغْفَارِ إِلَيْكَ وَ

تسبیح کی ہے تیری تسبیح کے ساتھ اور جو کچھ میں نے مغفرت چاہی تجھ سے اور جو میں نے

شَكَرْتُ بِشُكْرِ نَعْمَائِكَ وَمَا ذَكَرْتُ بِذِكْرِ أَسْمَائِكَ وَمَا صَلَّيْتُ

شکر کیا ہے تیری نعمتوں کے شکر کے ساتھ اور جو میں نے ذکر کیا ہے تیری اسماء کے ذکر کے ساتھ اور جو میں نے بھیجا

وَمَا سَلَّمْتُ عَلَى نَبِيِّكَ وَرَسُولِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اور جو کچھ میں نے سلام بھیجا تیرے نبی و تیرے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَسَلَّمَ وَمَا صَلَّيْتُ وَمَا سَلَّمْتُ عَلَى رُسُلِكَ وَأَنْبِيَائِكَ وَمَا

اور جو کچھ میں نے رحمت و سلام بھیجا تیرے تمام رسولوں اور نبیوں پر اور جو کچھ

قَرَأْتُ الْأَدْعِيَةَ الْمُبَارَكَةَ مِنْ دُعَاءِ مَعَادِنِ الْخَيْرَاتِ خَزَائِنِ الْبَرَكَاتِ

میں نے دعائیں مبارکہ پڑھیں معادن الخیرات خزائن برکات کی دعا سے

بِأَفْضَالِكَ إِنَّكَ أَنْتَ تَعْلَمُ وَمَا كَانَ فِي قِرَاءَتِهِ مِنْ خَطَإٍ وَنِسْيَانٍ

تیرے فضل سے بیشک تو جانتا ہے جو کچھ میرے پڑھنے میں خطا و نسیان

أَوْ زِيَادَةٍ أَوْ نُقْصَانٍ أَوْ تَقْدِيْمٍ أَوْ تَاخِيْرٍ أَوْ سَهْوٍ وَّلَهْوٍ

یا زیادتی یا نقصان یا تقدیم یا تاخیر یا سہو و لہو

أَوْ لَغْوٍ وَّلَحْنٍ أَوْ سُوْءِ ظَنٍّ أَوْ وُقُوْفٍ عَلٰى غَيْرِ مَا يَنْبَغِيْ

لغو یا لحن یا سوء ظن یا غیر مناسب مقام پہ ٹھہرنے سے

أَوْ رِيَاءٍ أَوْ سُمْعَةٍ أَوْ إِعْجَابٍ وَّكَذٰلِكَ سَائِرُ أَعْمَالِيْ

یا ریاکاری یا شہرت یا خود پسندی سے اور اسی قسم کے کچھ میرے اعمال ہیں

فَتَجَاوَزْ عَنِّيْ بِفَضْلِكَ وَلُطْفِكَ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِكَرَمِكَ وَ

پس تو معاف فرما دے مجھ سے اپنے فضل و لطف سے اور تو قبول فرما اوسکو میری جانب سے اپنے کرم و

إِحْسَانِكَ يَا أَللّٰهُ يَا أَللّٰهُ يَا أَللّٰهُ وَأَوْصِلْ ثَوَابَهَا إِلٰى رُوْحِ

احسان سے اے اللہ اے اللہ اے اللہ اور پہنچا اوسکا ثواب روح اقدس

الْأَقْدَسِ الطَّيِّبِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ لِسَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَحَبِيْبِنَا

طیب و طاہر سیدنا و نبینا و حبینا

وَشَفِيْعِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى حَبِيْبِكَ أَفْضَلِ الْعٰلَمِيْنَ

و شفیعنا و مولانا محمد مصطفٰے اعلی اللہ علیہ وسلم کو جو تیرے حبیب تمام جہان سے افضل

وَسَيِّدِ الْعَوَالِمِ أَجْمَعِيْنَ وَأَوْصِلْ ثَوَابَهَا إِلٰى أَرْوَاحِ أَوْلَادِهٖ

اور تمام جہانوں کے سردار ہیں اور پہنچا اوسکا ثواب آپ کی اولاد

وَاٰلِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ وَأَوْصِلْ ثَوَابَهَا إِلٰى

و آل و ازواج و اصحاب تمام کی روحوں کو اور پہنچا اوس کا ثواب

اَرْوَاحِ جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاَوْصِلْ ثَوَابَهَا اِلٰی رُوْحِ
تمام انبیاء اور رسولوں کی روحوں کو پہنچا اوس کا ثواب
الْاَقْدَسِ لِقُطْبِكَ قُطْبِ الْاَقْطَابِ قُطْبِ الْكَوْنَیْنِ غَوْثِ
اپنے قطب قطبوں کے قطب دونوں جہان کے قطب غوث
الْاَعْظَمِ غَوْثِ الثَّقَلَیْنِ سَیِّدِ الْاَوْلِیَاءِ وَسُلْطَانِ الْاَصْفِیَاءِ
اعظم جن وانسان کے غوث سید اولیاء سلطان اصفیاء
سَیِّدِنَا اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ مُحْیِ الدِّیْنِ وَاَوْصِلْ
سیدنا ابومحمد عبد القادر جیلانی محی الدین کی روح کو اور پہنچا
ثَوَابَهَا اِلٰی اَرْوَاحِ اَوْلَادِهٖ وَاٰلِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ
اسکا ثواب آپ کی اولاد و آل اہل بیت اور آپکے تمام احباب کی روحوں کو
وَاَوْصِلْ ثَوَابَهَا اِلٰی اَرْوَاحِ جَمِیْعِ مَشَایِخِنَا یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ
اور پہنچا اسکا ثواب ہمارے تمام مشائخ کی روحوں کو اے دوجہان کے رب
وَاَوْصِلْ ثَوَابَهَا اِلٰی اَرْوَاحِ جَمِیْعِ الْاَوْلِیَاءِ الْكَامِلِیْنَ الْمُكَمِّلِیْنَ
اور پہنچا اس کا ثواب تمام اولیاء کاملین و مکملین
مِنْ اَهْلِ سِلْسِلَةِ الْقَادِرِیَّةِ الْعَالِیَّةِ وَاَوْصِلْ ثَوَابَهَا اِلَی الْاَرْوَاحِ
سب اہل سلسلہ قادریہ عالیہ کی روحوں کو اور پہنچا اوس کا ثواب
جَمِیْعِ الْاَوْلِیَاءِ الْكَامِلِیْنَ وَالْمُكَمِّلِیْنَ مِنْ اَهْلِ سِلْسِلَةِ الْچِشْتِیَّةِ
تمام اولیاء کاملین و مکملین سب اہل سلسلہ چشتیہ

وَالنَّقْشَبَنْدِيَّةِ وَالسُّهْرَوَرْدِيَّةِ وَالرِّفَاعِيَّةِ وَالشَّاذِلِيَّةِ وَ
و نقشبندیہ و سہروردیہ و رفاعیہ و شاذلیہ کی روح پاکوں کو اور
أَوْصِلْ ثَوَابَهَا إِلَىٰ أَرْوَاحِ جَمِيعِ عِبَادِكَ الْعُظَمَاءِ وَالْفُضَلَاءِ
پہنچا اوسکا ثواب تمام اپنے بندے عظماء و فضلاء
وَالْعُلَمَاءِ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَالصَّالِحَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ
علماء و شہداء و صالحین و صالحات و مومنین
وَالْمُؤْمِنَاتِ يَا رَبَّ جَمِيعِ الْكَائِنَاتِ وَانْفَعْنِي بِعُلُومِهِمْ وَعَرِّفْنِي
و مومنات کی روحوں کو اے تمام عالم کے رب اور نفع دے مجکو انہوں کے علوم اور معرفت عطا کر
بِأَسْرَارِهِمْ وَنَوِّرْنِي بِأَنْوَارِهِمْ وَبَارِكْ لِي بِبَرَكَاتِهِمْ بِحَقِّهِمْ
مجکو انہوں کے اسرار سے اور نورانی کر مجکو انہوں کے انوار سے اور برکت نازل فرما مجپر انہوں کی برکتوں سے
وَحُرْمَتِهِمْ وَعِزَّتِهِمْ وَعَظَمَتِهِمْ وَأَعْطِنِي جَمِيعَ مَطَالِبِي
انکے حق و حرمت و عزت و عظمت کے اور عطا کر مجکو میرے تمام مطالب و
وَمَقَاصِدِي الْحَسَنَاتِ فِي الدِّينِ وَالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ بِأَلْطَافِكَ
مقاصد بہترین دین و دنیا و آخرت میں اپنی مہربانیوں سے
يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ وَأَوْصِلْ ثَوَابَهَا إِلَىٰ رُوحِ عَبْدِكَ عَظَمَتِ اللهِ
اے رب سارے جہان کے اور پہنچا اوسکا ثواب میرے بندے کی روح عظمت اللہ
الْقَادِرِيِّ وَلِوَالِدَيْهِ وَأَوْلَادِهِ وَآلِهِ وَأَهْلِهِ وَأَحْبَابِهِ أَجْمَعِينَ
قادری کو اور انکے والدین و اونکی اولاد و آل و اہل اور انکے تمام احباب کی روحوں کو

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ بِرَحْمَتِكَ وَمَغْفِرَتِكَ اَغْفِرْ لِمُؤَلِّفِ دُعَاءِ الْعَظَمَةِ

اے اللہ رحمت نازل فرما اپنی رحمت سے اور بخش دے اپنی مغفرت سے دعاء عظمت کے مولف کو

الْمَوْسُوْمِ بِمَعَادِنِ الْخَيْرَاتِ خَزَائِنِ الْبَرَكَاتِ وَمُصَنِّفِهٖ عَبْدِكَ

جسکا نام معادن الخیرات خزائن البرکات ہے اور اوسکے مصنف تیرے بندے

عَظَمَتِ اللّٰهِ الْقَادِرِيِّ وَلِوَالِدَيْهِ وَارْحَمْهُمَا وَاَنْزِلْ اَنْوَارَ رَحْمَتِكَ

عظمت اللہ قادری کو اور اوسکے والدین کو اور رحم کر اون دونوں پر اور نازل فرما اپنی رحمت کے

فِيْ قَبْرِهِمَا وَمَكِّنْهُمَا فِيْ جَنَّتِكَ وَاجْمَعْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ مُرْشِدِهٖ وَاَسَاتِذَتِهٖ

انوار اونکی قبروں میں اور اونکو جگہ دے اپنی جنت میں اور جمع کر اونکو اوسکے مرشد اور اوسکے

وَاٰلِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَاَهْلِ قَرَابَتِهٖ فِيْ جَنَّتِ النَّعِيْمِ اَللّٰهُمَّ

اساتذہ اور اوسکے آل اور اولاد و احباب و اہل قرابت کے ساتھ جنت نعیم میں اے اللہ

اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا وَلِاَسَاتِذَتِنَا وَلِاَوْلَادِنَا وَاٰلِنَا وَلِاَهْلِنَا

بخشدے ہمکو اور ہمارے والدین کو اور ہمارے اساتذہ کو اور ہماری اولاد کو و ہماری آل و ہمارے اہل

وَلِاَحْبَابِنَا وَلِاَهْلِ قَرَابَتِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ

و ہمارے احباب و ہمارے اہل قرابت اور تمام مومنین و مومنات و

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ

مسلمین و مسلمات جو لوگ زندہ ہیں اور مرچکے ہیں اپنی رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اٰمِيْنَ ۞ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

اے ارحم الراحمین آمین　　پاک ہے رب کی ذات عزت والا رب اون چیزوں کے

يَصِفُونَ ۞ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ ۞ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ

جس سے وہ لوگ موصوف کرتے ہیں اور سلام ہو تمام رسولوں پر اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو رب ہے جہان کا

ختمت الحزب السابع

منزل سابع ختم
پارہ نمبر ۷ ختم ہوا

باب الخواص الغريبة والاسرار الجليلة فى قرأة البسملة قال الغوث

باب خواص عجیبہ و اسرار جلیلہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے پڑھنے میں فرمایا غوث

سيدى عبد القادر الجيلى قدس سره اذا اردت الوصول الى درجة

سیدی عبد القادر جیلی قدس سرہ نے کہ جب تو ارادہ کرے

العلو فقم فى الثلث الاخير من الليل و قل بسم الله الرحمن الرحيم

بلند مرتبہ کے پہنچنے کا تو آخر رات کے تہائی حصہ میں اٹھ اور کہہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷۸۶) مرة واتبعها بالصلوة على النبى الكريم عليه الشرف

۷۸۶ مرتبہ اسکے بعد نبی کریم بہترین

الصلوة والتسليم بعدد محمد صلى الله عليه وسلم مرة ثم ادع

درود دیپڑھ بعد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بار پھر اس دعا

بهذا الدعاء الشريف

شریف کو پڑھ

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَبِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وبسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حرمت و بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فضل سے و

وَبِعَظَمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَلَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عظمت سے وبسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جلال سے

